



آئیں!
صَرف سیکھیں











مجلس تربیت تدریس، جامعۃ المدینہ فار گرلز (دعوت اسلامی)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمدللہ ربّ العالمین والصلوٰۃ والسلامُ علیٰ خاتم النبیین اما بعد فاعوذ باللہِ من الشیطنِ الرجیمِ ، بسم اللہ الرحمن الرحیم ط

پیش لفظ

احکام شریعت سمجھنے کیلئے جہاں دیگر علومِ اسلامیہ کو اہمیت حاصل ھے وہاں عربی سیکھنے کیلئے "فنِّ صرف" کو بھی بنیادی درجہ حاصل ھے۔ جب تک کوئی شخص اس فن میں مکمل مہارت حاصل نہ کرلے اس وقت تک اس کیلئے علومِ اسلامیہ میں مکمل کامیابی تو دور، ابتداء ہی ممکن نہیں۔ قرآن و سنت کے علوم سمجھنے کیلئے یہ فن شرطِ لازم ھے۔ یہی وجہ ھے کہ مدارسِ اسلامیہ میں اس فن کو بڑی اہمیت حاصل ھے۔ فہمِ قرآن کیلئے علومِ عربیت (مثلاً علم صرف، علم نحو وغیرہ) کی حیثیت ریڑھ کی ہڈی کی سی ھے۔ ان علوم میں مہارت کے بغیر فہم القرآن کا دعویٰ نا قابلِ یقین ھے۔

علم الصرف کا فائدہ ایک معنی سے مختلف معانی کا حاصل کرنا ھے۔


ابن فارس لغوی نحوی فرماتے ہیں: جس شخص سے علم الصرف کا حصہ فوت ہوگیا اس سے اسکی شان و شوکت فوت ہوگئی، وہ اس وجہ سے کہ ہم عربی زبان میں لفظ "وجد" (پانا) پاتے ہیں جو کہ ایک مبہم کلمہ ہے لیکن جب ہم علم الصرف کی روشنی میں غور کرتے ہیں تو یہ بات ظاہر ہوتی ہے کہ اگر مال کا حصول ہو تو "وُجْداً" مصدر استعمال ہوگا، اگر گم شدہ چیز پائی جائے تو "وِجْداناً" آتا ہے اور کسی کو حالت غضب میں پانا "مَوْجِدَۃً" لایا جائے گا اور اگر کوئی غم زدہ حالت میں پایا جائے تو "وَجْداً" استعمال ہوگا۔ (جامع ابواب الصرف، حصہ اول، صفحہ 9)

مشہور مقولہ بھی ھے : **الصرفُ امُّ العلومِ والنحوُ ابوھا**

علم الصرف عربی لغت کو جاننے کیلئے علم النحو سے زیادہ اہم اور ضروری ہے، کیونکہ علم الصرف میں نفس کلمہ کی طرف نظر ہوتی ہے اور علم النحو میں کلمہ کے عوارض (اعراب) پر نظر ہوتی ہے، نیز علم الصرف ان علوم میں سے ہے جن کی ایک مفسر کو ضرورت ہوتی ہے۔ اسے صحیح محنت و لگن سے پڑھ لینے کے بعد صیغوں اور ان کے مفاہیم کو سمجھنے میں کسی قسم کی کوئی مشکل پیش نہیں آتی۔ نیز علم الصرف کو حاصل کر لینے کے بعد عربی لغت کو سمجھنے کی ایسی صلاحیت پیدا ہو جاتی ہے جو قرآن مجید و احادیث کریمہ کو سمجھنے میں معاون و مددگار ہوتی ہے۔

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد ﷺ

ابتدائی باتیں



صَلُّوْا عَلَى الْحَبِیْب! صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى مُحَمَّد ﷺ

عربی عبارت میں صَرف کی تیاری کا طریقہ

1 کلمہ کی تینوں اقسام (اسم، فعل اور حرف) کی علامات کے ذریعے نشاندھی کی جائے۔

2 اسماء معربہ اور افعالِ متصرفہ کے معنی و حروفِ اصلیہ دیکھے جائیں اور وزن کیا جائے۔

3 اسماء معربہ اور افعالِ متصرفہ کی صرفی تحقیق میں جتنی چیزیں بیان کی جاتی ہیں وہ تمام طریقہ کار کے مطابق پہچان کر بیان کی جائیں۔

4 اسماء معربہ اور افعالِ متصرفہ میں تصرفات کے قواعد کا اجراء کیا جائے۔

5 اسماء مشتقات اور افعال متصرفہ کو بنانے کے طریقوں کی تیاری کی جائے۔

6 اسماء مشتقات اور افعال متصرفہ سے صرفِ کبیر اور صرفِ صغیر پڑھی جائے۔

نوٹ: اب ان **6** چیزوں کی تفصیل ذکر کی جائے گی۔ ان شاء اللہ الکریم

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْبِ! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّدٍ ﷺ


1



کلمہ کی تینوں اقسام (اسم، فعل اور حرف) کی علامات کے ذریعے نشاندھی کی جائے۔



اس میں آپ پڑھ سکیں گے:



کلمہ اور اسکی اقسام

کلمہ کی تعریف:

ہر بامعنی لفظ کو کلمہ کہا جاتا ہے۔ جیسے رجلٌ ، طفلٌ وغیرہ

کلمہ کی اقسام:

کلمہ کی تین اقسام ہیں: اسم، فعل اور حرف۔ ان کو سہ اقسام کہتے ہیں۔

سہ اقسام

اس سے مراد کلمہ کی وہ تین اقسام ہیں جو اپنے معنی پر مستقلا دلالت کرنے یا نہ کرنے کے اعتبار سے بنتی ہیں۔

اسم: وہ کلمہ جو دوسرے کلمہ سے ملے بغیر اپنے معنی پر دلالت کرے اور اس کا معنی کسی زمانے (ماضی،حال یا استقبال) سے ملا ہوا نہ ہو۔ جیسے زیدٌ، ضارِبٌ، منصُورٌ وغیرہ

فعل: وہ کلمہ جو دوسرے کلمہ سے ملے بغیر اپنے معنی پر دلالت کرے اور اس کا معنی کسی زمانے (ماضی،حال یا استقبال) سے ملا ہوا ہو۔ جیسے نَصَرَ (مدد کی اس ایک مرد نے)

حرف: وہ کلمہ جو دوسرے کلمہ (اسم یا فعل) سے ملے بغیر اپنے معنی پر دلالت نہ کرے۔ جیسے مِنْ (سے) ، الی (تک)

صَلُّوْا عَلَى الْحَبِيْبِ! صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى مُحَمَّدٍ ﷺ

اسم، فعل اور حرف کی علامات

اسم کی علامات:

1. الف لام کا داخل ہونا جیسے **اَلْحَمْدُ**
2. تنوین کا داخل ہونا جیسے **زیدٌ**
3. حرف جر کا داخل ہونا جیسے فِي **دارٍ**
4. جر کا داخل ہونا جیسے ولدُ **زیدٍ**
5. آخر میں تانیث کی تاء متحرک کا ہونا جیسے **فاطمةُ**
6. آخر میں یائے نسبت کا ہونا جیسے **مدنِيٌّ**
7. تثنیہ ہونا جیسے **کِتَابَانِ**
8. جمع ہونا جیسے **مُسْلِمُوْنَ**
9. منادیٰ ہونا جیسے یا **زیدُ**
10. مذکر ہونا جیسے **ضاربٌ**
11. مؤنث ہونا جیسے **ضاربَةٌ**
12. معرفہ ہونا جیسے **الکتابُ**
13. نکرہ ہونا جیسے **کتابٌ**
14. مضاف ہونا جیسے **طِفْلُ** زیدٍ
15. مضاف الیہ ہونا جیسے طِفْلُ **زیدٍ**
16. موصوف ہونا جیسے **عبدٌ** مومنٌ
17. مکبر ہونا جیسے **حَسَنٌ**
18. مصغر ہونا جیسے **حُسَيْنٌ**
19. منصرف ہونا جیسے **خالدٌ**
20. غیر منصرف ہونا جیسے **یُوْسُفُ**
21. مسند الیہ ہونا جیسے ضَرَبَ **زَیْدٌ**
22. مفعول ہونا جیسے ضرب زَیْدٌ **خالداً**
23. ذوالحال ہونا جیسے ضَرَبْتُ **زیداً** قائِماً
24. تمیز ہونا جیسے عشرون **قلماً**
25. مستثنیٰ ہونا جیسے قام القومُ الّا **زیداً**
26. مستثنیٰ منہ ہونا جیسے قام **القومُ** الّا زیداً

فعل کی علامات:

1. ماضی ہونا جیسے **نَصَرَ**
2. مضارع ہونا جیسے **یَنْصُرُ**
3. امر ہونا جیسے **اُنْصُرْ**
4. نہی ہونا جیسے **لا تَنْصُرْ**
5. شروع میں قد کا داخل ہونا جیسے قد **دَخَلَ**
6. شروع میں سین یا سوف کا داخل ہونا جیسے سَیَعْلَمُ، سوف **یَعْلَمُ**
7. شروع میں حروف جازمہ میں سے کسی حرف کا ہونا جیسے لَمْ **یَضْرِبْ**
8. شروع میں حروف ناصبہ میں سے کسی حرف کا ہونا جیسے لن **یَضْرِبَ**
9. آخر میں نون تاکید (ثقیلہ یا خفیفہ) کا ہونا جیسے **لَیَضْرِبَنَّ، لَیَضْرِبَنْ**
10. آخر میں تائے ساکنہ کا ہونا جیسے **دَخَلَتْ**
11. آخر میں ضمیر مرفوع متصل بارز کا ہونا جیسے **دَخَلْتُ**
12. صِرف مسند ہونا (یعنی مسند الیہ نہ ہونا) جیسے "ضَرَبَ زیدٌ" میں **ضَرَبَ**

حرف کی علامات:

اسکی علامت یہ ہے کہ اس میں اسم اور فعل کی کوئی علامت نہیں ہوتی۔

مشق اسم، فعل اور حرف کی علامات

لفظ		اسم/فعل/حرف	علامت	لفظ		اسم/فعل/حرف	علامت
1	ضَربَ	فعل ہے	ماضی ہونا	14	اُکتبْ		
2	علٰی			15	ذھبَ		
3	فِعلٌ			16	جاءَ		
4	کراسةٌ			17	مِنْ		
5	النّحْوُ			18	لنْ		
6	جالسٌ			19	امُ العلومِ		
7	آمنْتُ			20	دارٌ		
8	اِنَّ			21	تنالُوْن		
9	الولدُ			22	لاھَوْرُ		
10	کُلُوْا			23	ھندٌ		
11	في بيتٍ			24	المدينة		
12	لا تُسْرِفُوْا			25	ھوَ		
13	نصرَ			26	افْلَحَ		

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْبِ! صَلَّی اللّٰہُ تَعالٰی عَلٰی مُحَمَّدٍ ﷺ

نوٹ: آگے آنے والے موضوعات (مثلاً صرفی دائرہ کار) میں اسم کی اقسام (مصدر/مشتق/جامد) کی تعریف وغیرہ کی حاجت ہوتی ہے لہٰذا وہ ذکر کی جائیں گی۔ ان شاء اللہ الکریم

مصدر، مشتق اور جامد کی پہچان

اسم کی اقسام

مشتق ہونے یا نہ ہونے کے اعتبار سے اسم کی تین اقسام ہیں:

مصدر

تعریف: وہ اسم جس سے دوسرے کلمات مشتق (بنتے) ہوں اور وہ خود کسی سے مشتق نہ ہو۔ اسکے اردو ترجمہ میں "نا" آتا ہے۔ جیسے: نَصْرٌ (مدد کرنا)

پہچان

کلمہ کی دلالت فقط کام پر ہو تو وہ مصدر ہوگا۔
مثال: فَتْحٌ (کھولنا) کلمہ کی دلالت فقط کھولنے پر ہے جو کہ ایک کام ہے کھولنے والے پر نہیں۔

مشتق

تعریف: وہ اسم جو مصدر سے بنایا جائے۔ جیسے نَاصِرٌ (مدد کرنے والا) یہ یَنْصُرُ سے بنایا گیا ہے، اور یَنْصُرُ "نَصْرٌ" سے

پہچان

کلمہ کی دلالت کسی کام اور اس کام کے کرنے والے دونوں پر ہو تو وہ مشتق ہوگا۔
مثال: فَاتِحٌ (کھولنے والا ایک مرد) کلمہ کی دلالت "کھولنا" جوکہ کام ہے اور "کھولنے والے" دونوں پر ہے۔

جامد

تعریف: وہ اسم جو نہ خود کسی سے بنا ہو اور نہ اس سے دیگر کلمات بنتے ہوں۔ جیسے زیدٌ، بکرٌ وغیرہ

پہچان

کلمہ کی دلالت دونوں پر نہ ہو تو وہ جامد ہوگا۔
مثال: شَجَرٌ (درخت) کلمہ کی دلالت نہ کام پر ہے اور نہ ہی کرنے والے پر۔

ایک ہی کلمہ کبھی جامد کبھی مصدر یا مشتق:

مصدر، مشتق اور جامد کا اعتبار کلام کے سیاق و سباق سے معنی کے پیش نظر ہوتا ہے لہذا عبارت کے معنی کو سمجھنا ضروری ہوگا۔

- ایک ہی کلمہ کسی جگہ مشتق اور کسی جگہ جامد ہو جاتا ہے۔ جیسے: اگر کہا جائے "ھذا عابد" (یہ عبادت کرنے والا ھے) تو یہاں "عابد" مشتق کہلائے گا۔
  لیکن اگر کسی کا نام عابد ھو اور کوئی سوال کرے ما اسمکَ؟ اور جوابا کہا جائے: "انا عابد" (میں عابد ھوں) تو یہاں "عابد" جامد کہلائے گا۔
- اسی طرح ایک ہی کلمہ کسی جگہ مصدر اور کسی جگہ جامد ھو جاتا ہے۔ جیسے: درسٌ بمعنی: "سبق پڑھنا" مصدر ہے جبکہ بمعنی "سبق" جامد ھے۔

مشق — مصدر، مشتق اور جامد کی پہچان

	لفظ	مصدر / مشتق / جامد	وجہ
1	بیتٌ (گھر)	جامد ہے	کام یا کام کرنے والے پر دلالت نہیں
2	بابٌ (دورازہ)		
3	مفتوحٌ (کھلا ہوا)		
4	فھمٌ (سمجھنا)		
5	حسنٌ (خوبصوت)		
6	افضلُ (زیادہ فضیلت والا)		
7	ناصرٌ (مدد کرنے والا)		
8	کریمٌ (بزرگ)		
9	شربٌ (پینا)		
10	جريٌ (دوڑنا)		
11	ذاھبٌ (جانے والا)		
12	سمعٌ (سننا)		

2





اسماء معربہ اور افعالِ متصرفہ کے
معنی و حروفِ اصلیہ
دیکھے جائیں اور وزن کیا جائے۔

اس میں آپ پڑھ سکیں گے:

1. لغت میں کسی لفظ کا معنی دیکھنے کا طریقہ
2. حروف اصلیہ کی پہچان کا طریقہ
3. وزن کرنے کا طریقہ

معنی، حروف اصلیہ اور وزن کرنے کا طریقہ

لغت میں کسی لفظ کا معنی دیکھنے کا طریقہ:

1

لغت میں جب بھی کسی لفظ کا معنی دیکھنا ہو تو سب سے پہلے اس لفظ کے حروفِ اصلیہ متعین کریں۔

نوٹ: حروف اصلیہ کی پہچان کا طریقہ آگے آرہا ہے۔

2

حروفِ اصلیہ معلوم ہوجانے کے بعد لغت (Dictionary) کھولئے اور لغت (Dictionary) کے ہر صفحہ پر پہلے کالم میں لائن سے اوپر دیئے گئے الفاظ سے ان حروف کا پہلا حرف ملائیے جب پہلا حرف مل جائے تو دوسرا پھر تیسرا حرف ملائیے۔ جب تینوں حروفِ اصلیہ لائن (سے اوپر لکھے ہوئے حروف) میں مل جائیں تو اب لائن سے نیچے کالم میں دیئے گئے الفاظ پر توجہ کیجئے اور اپنا مطلوبہ اسم یا فعل تلاش کیجئے پھر اس کے سامنے لکھے گئے معنی کو دیکھئے۔

مثال

اگر آپکو إِجْتَنَبَ کا معنی دیکھنا ہے تو سب سے پہلے وزن کیجئے اور وزن سے حروفِ اصلیہ متعین کیجئے (اسکی تفصیل آگے بیان کی جائے گی)۔

إِجْتَنَبَ کا وزن إِفْتَعَلَ ہے ف ع ل کی جگہ ج ن ب ہیں۔

اب لغت میں وہ صفحہ تلاش کریں جس پر ان حروف پر مشتمل الفاظ دیئے گئے ہیں پھر إِجْتَنَبَ کا معنی دیکھئے تو "بچنا/دور رہنا" لکھا ہوگا۔

صَلُّوْا عَلَى الْحَبِيْب! صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى مُحَمَّد ﷺ

حروف اصلیہ کی پہچان کا طریقہ:

حروف اصلیہ سے مراد: کسی کلمہ کے مادے کے حروف کو حروفِ اصلیہ اور ان کے علاوہ دیگر حروف کو جو اس کلمے میں ہوں حروفِ زائدہ کہتے ہیں۔
جیسے: لفظ کِتَابٌ ۔ اس میں "ک ت اور ب" حروفِ اصلیہ اور "ا" حرفِ زائد ہے۔
حروفِ اصلیہ کی پہچان: حروفِ اصلیہ کی پہچان کیلئے صرفیوں نے تین حروف ف، ع اور ل مقرر کئے ہیں جس لفظ کے حروفِ اصلیہ تلاش کرنا مقصود ہو ف ع ل کو بھی اسی وزن پر اتار لیں۔

وزن کرنے کے طریقے:

پہلا طریقہ

1 : جس شکل و آواز کا موزون ہے (یعنی وہ کلمہ جس کا وزن کرنا ہے) ف ع ل کو بھی اسی شکل و آواز کا بنالیں۔ وزن پر اتارنے میں اس بات کا خیال رکھیں کہ جتنے حروف موزون میں ھیں اتنے ہی حروف وزن میں ھوں اور جو حرکات و سکنات موزون پر ھیں وہی حرکات و سکنات وزن پر ھوں۔
2 : اب جو حروف ف ع اور ایک یا دو یا تین ل کی جگہ پر آئیں گے وہ حروف اصلیہ ھونگے اور جو انکے علاوہ ہوں وہ حروفِ زائدہ ھونگے۔

مثال:

ضَرَبَ بروزن فَعَلَ
اَكْرَمَ بروزن اَفْعَلَ
تَقَابَلْنَ بروزن تَفَاعَلْنَ
اِجْتَنَبَ بروزن اِفْتَعَلَ
اِقْشَعَرَّ بروزن اِفْعَلَلَّ

دوسرا طریقہ

کلمہ کا وزن نیچے دیئے گئے طریقے کے مطابق کیا جائے:
1 : وزن کرنے کیلئے ضروری ہے کہ اس کلمے کا معنی معلوم ہو۔
2 : لغت سے دیکھا جائے کہ وہ معنی کن حروف اصلیہ کے تحت آتا ہے۔
3 : حروف اصلیہ کی جگہ ف ، ع اور لام کو رکھا جائے۔
4 : حروف زائدہ کی جگہ وہی حروف زائدہ رکھ دیئے جائیں۔
5 : جو حرکات و سکنات موزون پر ہوں وہی وزن پر لگا دی جائیں۔

مثال: تُذَاكِرِيْنَ

1. مصدری معنی: **باہم سبق یاد کرنا**
2. حروف اصلیہ: **ذ ک ر**
3. حروف زائدہ: **ت ا ی ن**
4. حروف اصلیہ کی جگہ ف، ع، ل اور حروف زائدہ کی جگہ حروف زائدہ: **ت ف ا ع ل ی ن**
5. حرکات و سکنات: **تُ فَ ا عِ لِ یْ نَ**

الحاصل : تُفَاعِلِيْنَ

صَلُّوْا عَلَى الْحَبِيْبِ! صَلَّى اللهُ تَعَالٰى عَلٰى مُحَمَّدٍ ﷺ

مشق وزن/ حروف اصلیہ/ معنی

	لفظ	وزن	حروف اصلیہ	معنی
1	قَدَّمَتْ	فَعَّلَتْ	ق د م	آگے بڑھنا
2	يَتَحَاكَمُوْنَ			
3	تَذَكَّرَا			
4	يُقَاتِلُ			
5	شَارَكْتَا			
6	يَتَشَهَّدَانِ			
7	اِسْتَغْفَرُوْا			
8	يَجْتَنِبْنَ			
9	اِدْهَامَمْتَ			
10	اِخْشَوْشَنْتِ			
11	تَسْتَنْصِرَانِ			
12	اِجْلَوَّذَتْ			
13	تَسْتَضْعِفِيْنَ			
14	تَصَدَّعَتْ			
15	مَضْمَضْنَا			
16	يَتَبَدَّلْنَ			
17	يَقْتَصِرُوْنَ			
18	تُوَكِّدْنَ			
19	اُصَرِّفُ			
20	تَنْكَشِفِيْنَ			
21	تُبَايِعْنَ			

3



اسماء معربہ اور افعالِ متصرفہ کی
صرفی تحقیق میں جتنی چیزیں
بیان کی جاتی ہیں وہ تمام طریقۂ کار
کے مطابق پہچان کر بیان کی جائیں۔



اس میں آپ پڑھ سکیں گے:

1. صرفی دائرہ کار
2. صرفي تحقیق میں شامل امور بیان کرنے اور پہچاننے کے طریقے
3. افعال کی تعریفات، ترجمے کے ذریعے پہچان، بنانے کے طریقے اور اوزان
4. اسمائے مشتقات بنانے کے طریقے

صرفی تحقیق

صرفی اعتبار سے کسی کلمہ کی حقیقت جاننے کو صرفی تحقیق کہا جاتا ہے۔
صرفی تحقیق کرنے سے پہلے اس بات کا جاننا ضروری ہے کہ کتنے اور کون کونسے کلمات علم الصرف کے دائرہ میں داخل ہیں؟ کیونکہ صرفی تحقیق انہی کلمات کی کی جاتی ہے جو علم الصرف کے دائرے میں آتے ہیں۔

علم الصرف کا دائرہ کار:

علمائے علم الصرف ہر اس کلمہ پر بحث اور کلام کرتے ہیں جو تصریف اور اشتقاق کو قبول کرتا ہے، اور جو کلمہ تصریف اور اشتقاق کو قبول نہیں کرتا جیسے: افعال غیر متصرفہ (افعالِ جامدہ)، تمام حروف اور اسمائے مبنیات، (اسماء) اعجمیہ (غیر عربی اسماء) اور (أسماء) أصوات وغیرہ کو دائرۂ صرف سے باہر رکھتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ شش اور ہفت اقسام میں صِرف "اسمائے معربہ" اور "افعال متصرفہ" کی امثلہ ذکر کی جاتی ہیں کوئی مثال حرف کی نہیں ملتی۔
(جامع ابواب الصرف، حصہ اول، صفحہ 12)

نوٹ: صرفی دائرہ کار بصورت نقشہ اگلے صفحہ پر پیش کیا جائے گا، جس کے ذریعے معلوم ہوگا کہ کن کلمات کی صرفی تحقیق ہوتی ہے اور صرفی تحقیق میں کتنی اور کون کونسی چیزیں بیان کی جاتی ہیں۔

صَلُّوْا عَلَى الْحَبِیْب! صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى مُحَمَّد ﷺ

صرفی دائرہ کار

اسم

وہ کلمہ جو دوسرے کلمہ سے ملے بغیر اپنے معنی پر دلالت کرے اور اس کا معنی کسی زمانے (ماضی، حال یا استقبال) سے ملا ہوا نہ ہو۔ جیسے زیدٌ، ضاربٌ، منصورٌ وغیرہ

فعل

وہ کلمہ جو دوسرے کلمہ سے ملے بغیر اپنے معنی پر دلالت کرے اور اس کا معنی کسی زمانے (ماضی، حال یا استقبال) سے ملا ہوا ہو۔ جیسے نَصَرَ (مدد کی اس ایک مرد نے)

حرف

وہ کلمہ جو دوسرے کلمہ (اسم یا فعل) سے ملے بغیر اپنے معنی پر دلالت نہ کرے۔
جیسے مِنْ (سے)، اِلٰی (تک)

حکم

حرف کی صرفی تحقیق نہیں ہوگی

اسم معرب

وہ اسم جو اپنے عامل کے ساتھ ترکیب میں واقع ہو اور مبنی الاصل سے مشابہ نہ ہو۔
اسم معرب دو طرح کا ہوتا ہے:

اسم مبنی

وہ اسم جو اپنے عامل کے ساتھ ترکیب میں واقع نہ ہو یا مبنی الاصل سے مشابہ ہو۔

حکم

اسم مبنی کی صرفی تحقیق نہیں ہوگی

مصدر

وہ اسم جس سے دوسرے کلمات بنتے ہوں اور وہ خود کسی سے نہ بنا ہو۔
جیسے ضربٌ (مارنا)

حکم

مصدر کی صرفی تحقیق ہوگی۔ تین چیزیں بتائی جائیں گی:

1. شش اقسام
2. ھفت اقسام
3. باب

مشتق

وہ اسم جو مصدر سے بنایا جائے۔
جیسے ضاربٌ

حکم

مشتق کی صرفی تحقیق ہوگی۔ پانچ چیزیں بتائی جائیں گی:

1. صیغہ
2. بحث
3. شش اقسام
4. ھفت اقسام
5. باب

جامد

وہ اسم جو نہ خود کسی سے بنا ہو اور نہ اس سے دوسرے کلمات بنتے ہوں۔
جیسے: رجلٌ (آدمی)

حکم

جامد کی صرفی تحقیق ہوگی۔ دو چیزیں بتائی جائیں گی:

1. شش اقسام
2. ھفت اقسام

فعل غیر متصرف/فعل جامد

وہ فعل جس کے صرف ایک زمانے سے صیغے آتے ہوں۔ جیسے عسٰی

حکم

فعل جامد کی صرفی تحقیق نہیں ہوگی

فعل متصرف

وہ فعل جس کے ایک سے زائد زمانوں سے صیغے آتے ہوں۔
فعل متصرف کی دو قسمیں ہیں

فعل متصرف تام

وہ فعل جس کے تینوں زمانوں سے صیغے آتے ہوں۔ جیسے: ضرب یضرب اضرب

حکم

فعل متصرف تام کی صرفی تحقیق ہوگی۔ پانچ چیزیں بتائی جائیں گی:

1. صیغہ
2. بحث
3. شش اقسام
4. ھفت اقسام
5. باب

فعل متصرف ناقص

وہ فعل جس کے دو زمانوں سے صیغے آتے ہوں۔ جیسے: ما برح لا یبرح

حکم

فعل متصرف ناقص کی صرفی تحقیق نہیں ہوگی

مشق — صرفی دائرہ کار

	لفظ	اسم/فعل/حرف	صرفی تحقیق ہوگی یا نہیں؟	کتنی اور کونسی چیزیں بتائی جائیں گی؟
1	اَمْتَحِنُ	فعل متصرف تام ہے	ہوگی	5 (صیغہ،بحث،شش اقسام،ہفت اقسام،باب)
2	لیتَ	حرف	نہیں ہوگی	---
3	النّاسُ			
4	هُمْ			
5	يومٌ			
6	ساءَ			
7	هُدًى			
8	سامعٌ			
9	حاشا			
10	يُقابِل			
11	ما برح			
12	ذالك			
13	نارٌ			
14	الّا			
15	طُغيان			
16	الذين			
17	جامدةٌ			
18	عسىٰ			
19	كتابٌ			

صَلُّوْا عَلَى الْحَبِيْب! صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى مُحَمَّد ﷺ

صرفی تحقیق میں شامل امور (صیغہ، بحث، شش اقسام، ہفت اقسام اور باب) بیان کرنے اور پہچاننے کے طریقے

صیغہ

تعریف: **لغوی معنی:** "نمونہ" یا "ساخت" کے ہیں۔

اصطلاحی معنی: الصیغة ھي الھیئة الحاصلة باعتبار ترتیب الحروف و حرکاتھا و سکناتھا
اس سے مراد کسی کلمہ کے حروف و حرکات و سکنات کا مخصوص ترتیب کے ساتھ ایک خاص ہیئت میں ہونا ہے۔

جن چار کلمات کی صرفی تحقیق ہوتی ہے ان میں سے دو کلمات کی صرفی تحقیق میں صیغہ بیان کیا جاتا ہے:

فعل متصرف تام

فعل متصرف تام کا صیغہ بیان کرتے ہوئے تین چیزیں بتائی جاتی ہیں:

1. واحد/تثنیہ/جمع
2. مذکر/مؤنث
3. غائب/حاضر/متکلم

اسم مشتق

اسم مشتق کا صیغہ بیان کرتے ہوئے دو چیزیں بتائی جاتی ہیں:

1. واحد/تثنیہ/جمع
2. مذکر/مؤنث

نوٹ: اسم آلہ اور اسم ظرف میں تذکیر و تانیث کا اعتبار نہیں ہوتا اسلئے انکا صیغہ بیان کرتے ہوئے مذکر مؤنث ہونا بھی بیان نہیں کیا جاتا۔

یاد رکھئے!

- "واحد" ایک کو، "تثنیہ" دو کو، اور "جمع" دو سے زیادہ کو کہتے ہیں۔
- "مذکر" مرد کو، اور "مؤنث" عورت کو کہتے ہیں۔
- "متکلم" بات کرنیوالے کو، "مخاطب" جس سے بات کی جائے اسے، اور "غائب" جس کے بارے میں بات کی جائے اسے کہتے ہیں۔

صیغہ کی پہچان کا طریقہ: صیغہ کو صیغے کی علامت سے پہچانا جاتا ہے۔ صیغے کی علامت حروف اصلیہ کے علاوہ حروف (یعنی حروف زائدہ) میں دیکھی جاتی ہیں۔

صیغہ کی علامات			
فعل ماضی		فعل مضارع	
صیغۃ	علامت	صیغۃ	علامت
فعلَ (واحد مذکر غائب)	---	یفعلُ (واحد مذکر غائب)	---
فعلَا (تثنیہ مذکر غائب)	ا	یفعلانِ (تثنیہ مذکر غائب)	ا
فعلُوْا (جمع مذکر غائب)	وْا	یفعلونَ (جمع مذکر غائب)	وْ
فعلتْ (واحد مونث غائب)	تْ	تفعلُ (واحد مونث غائب)	---
فعلتَا (تثنیہ مونث غائب)	تَا	تفعلانِ (تثنیہ مونث غائب)	ا
فعلْنَ (جمع مونث غائب)	نَ	یفعلْنَ (جمع مونث غائب)	نَ
فعلْتَ (واحد مذکر حاضر)	تَ	تفعلُ (واحد مذکر حاضر)	---
فعلْتُمَا (تثنیہ مذکر حاضر)	تُما	تفعلانِ (تثنیہ مذکر حاضر)	ا
فعَلْتُمْ (جمع مذکر حاضر)	تُمْ	تفعلونَ (جمع مذکر حاضر)	و
فعلْتِ (واحد مونث حاضر)	تِ	تفعلینَ (واحد مونث حاضر)	ی
فعلْتُما (تثنیہ مونث حاضر)	تُما	تفعلانِ (تثنیہ مونث حاضر)	ا
فعلْتُنَّ (جمع مونث حاضر)	تُنَّ	تفعلْنَ (جمع مونث حاضر)	نَ
فعلتُ (واحد متکلم)	تُ	افعلُ (واحد متکلم)	ا
فعلنَا (جمع متکلم)	نَا	نفعلُ (جمع متکلم)	نَ

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْبِ! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّدٍ ﷺ

مشق

صیغہ

	لفظ	صیغہ	علامت		لفظ	صیغہ	علامت
1	اُجْتُنِبَتْ	واحد مونث غائب	تْ	14	تَخْتَلِطِیْنَ		
2	تُقَرِّبُ			15	أُصَرِّفُ		
3	اجْلَوَّذَتْ			16	ناکُلُ		
4	ادْھَامَمْتِ			17	یتبدّلنَ		
5	خَرَجْتَ			18	یقتصرون		
6	سُمِّیَتْ			19	اِسْتَخْرَجْنَا		
7	یَنْفَعُ			20	تُوَکِّدْنَ		
8	صدَّقْتِ			21	مَضْمَضْنا		
9	اسْتَعْمَلْنا			22	تُزْحَانِ		
10	تُبَایِعْنَ			23	تَزَوّدا		
11	تَنْفَصِلُ			24	یَسْتکثر		
12	قَدَّمَا			25	تَنفَطِرانِ		
13	تَشْتَغِلُوْنَ			26	نُباحِثُ		

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْبِ! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّدٍ ﷺ

بحث (گردان)

گردان کی تعریف: اسم یا فعل کے کسی صیغہ کو مختلف صیغوں کی طرف پھیرنے کو گردان کہتے ہیں ۔

جن 4 کلمات کی صرفی تحقیق ہوتی ہے ان میں سے 2 کلمات کی صرفی تحقیق میں بحث بیان کی جاتی ہے۔

فعل متصرف تام

فعل متصرف تام کی بحث میں 3 چیزیں بیان کی جاتی ہیں:

1) فعل کی قسم کونسی ہے: فعل ماضی/فعل مضارع/فعل نفی جحد بلم/فعل نفی تاکید بلن/فعل مضارع مؤکد بلام تاکید و نون تاکید ثقیلہ/خفیفہ/فعل امر/فعل نہی

2) فعل مثبت ہے یا منفی

3) فعل معروف ہے یا مجہول

اسم مشتق

اسم مشتق کی بحث میں کلمہ اسم مشتق کی جس قسم سے ہو وہ قسم بیان کی جائے گی۔

مثلاً: ضَارِبٌ کی بحث اسم فاعل، مَضْرُوْبٌ کی بحث اسم مفعول۔ (اسم مشتق کی تفصیل، فعل متصرف تام کی بحث، شش اقسام، ہفت اقسام اور باب کی تفصیلات کے بعد آئے گی۔ ان شاء اللہ الکریم)

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْبِ! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّدٍ ﷺ

نوٹ: افعال بنانے کے طریقوں سے بھی افعال متصرفہ تامہ کی پہچان ہوتی ہے لہذا اب افعال کی تعریفات، ترجمے کے ذریعے کی پہچان، بنانے کے طریقے اور اوزان بیان کیے جائیں گے۔

افعال کی تعریفات، ترجمے کے ذریعے پہچان، بنانے کے طریقے اور اوزان

1۔ فعل ماضی

تعریف: وہ فعل جو گزشتہ زمانہ میں کسی کام کے ہونے پر دلالت کرے۔

ترجمے کے ذریعے فعل ماضی معروف کی پہچان:
فعل ماضی کا ترجمہ اس طرح سے آتا ھے جیسے مارا، کھایا، پیا، کیا،جاگا، سویا، ھوا، رکھا وغیرہ
مثلاً: **ضَرَبَ** مارا اس ایک مذکر نے گزرے ہوئے زمانے میں

ترجمے کے ذریعے فعل ماضی مجہول کی پہچان:
فعل ماضی مجہول کے ترجمہ میں "گیا" کا لفظ آتا ھے
مثلاً: **ضُرِبَ** مارا گیا وہ ایک مذکر گزرے ہوئے زمانے میں

ثلاثی مجرد سے فعل ماضي بنانے کے طریقے اور اوزان

فعل ماضی معروف

- ثلاثی مجرد کے مصدر کے فاء اور لام کلمہ کو فتحہ دیں۔
- عین کلمہ کو باب کے مطابق حرکت دیں۔

جیسے: **جلوسٌ** سے **جَلَسَ**

اوزان : فَعَلَ/فَعِلَ/فَعُلَ

فعل ماضی مجہول

فعل ماضی معروف کے فاء کلمہ کو ضمہ، عین کلمہ کو کسرہ اور لام کلمہ کو فتحہ دیں۔

جیسے: **طَلَبَ** سے **طُلِبَ**

وزن : فُعِلَ

صَلُّوْا عَلَى الْحَبِیْبِ! صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى مُحَمَّدٍ ﷺ

2۔ فعل مضارع

تعریف: وہ فعل جو زمانۂ حال یا استقبال میں کسی کام کے ہونے یا کرنے پر دلالت کرے۔

ترجمے کے ذریعے فعل مضارع معروف کی پہچان:
فعل مضارع معروف کے ترجمے میں "کرتا ہے، ہوتا ہے، کریگا، ہوگا وغیرہ الفاظ آتے ہیں
مثلاً: **يَضْرِبُ** مارتا ہے یا مارے گا وہ ایک مذکر زمانۂ حال یا استقبال میں

ترجمے کے ذریعے فعل مضارع مجہول کی پہچان:
فعل مضارع مجہول کے ترجمے میں کیا جاتا ہے کیا جائے گا وغیرہ الفاظ آتے ہیں
مثلاً: **يُضْرَبُ** ملا جاتا ہے یا ملا جائے گا وہ ایک مذکر زمانۂ حال یا استقبال میں

ثلاثی مجرد سے فعل مضارع بنانے کے طریقے اور اوزان

فعل مضارع معروف

- فعل ماضی کے شروع میں حروف مضارع میں کوئی حرف لگا کر فاء کلمہ کو ساکن کریں۔
- عین کلمہ پر باب کے مطابق حرکت دیں۔
- لام کلمہ کو رفع دیں۔

جیسے: **غَلَبَ** سے **يَغْلِبُ**

اوزان : يَفْعَلُ/يَفْعِلُ/يَفْعُلُ

فعل مضارع مجہول

- فعل مضارع معروف میں علامت مضارع کو ضمہ دیں
- عین کلمہ کو فتحہ دیں۔

جیسے: **يَغْلِبُ** سے **يُغْلَبُ**

وزن : يُفْعَلُ

صَلُّوْا عَلَى الْحَبِيْب! صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى مُحَمَّد ﷺ

3۔ فعل نفی جَحَد بلم

تعریف: وہ فعل جو لَمْ کے داخل ہونے کیساتھ زمانہ ماضی میں کسی کام کے نہ ہونے یا نہ کرنے پر دلالت کرے۔

ترجمے کے ذریعے فعل نفی جحد بلم کی پہچان:

فعل نفی جحد بلم معروف و مجہول کے ترجمے میں وہی الفاظ آتے ہیں جو فعل ماضی معروف و مجہول کے ترجمے میں آتے ہیں مثلاً: **لَمْ یَضْرِبْ** نہیں مارا اس ایک مذکر نے گزرے ہوئے زمانے میں

ثلاثی مجرد سے فعل نفی جحد بلم بنانے کے طریقے اور اوزان

فعل نفی جحد بلم معروف

- فعل مضارع معروف کے شروع میں "لم" کا اضافہ کریں۔
- جیسے: **یَغْلِبُ** سے **لم یَغْلِبْ**

اوزان : لم یَفْعَلْ/ لم یَفْعِلْ/ لم یَفْعُلْ

فعل نفی جحد بلم مجہول

- فعل مضارع مجہول کے شروع میں "لم" کا اضافہ کریں۔
- جیسے: **یُغْلَبُ** سے **لم یُغْلَبْ**

وزن : لم یُفْعَلْ

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْبِ! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّدٍ ﷺ

4۔ فعل نفی تاکید بلن

تعریف: وہ فعل جو مستقبل میں کسی کام کے نہ ہونے یا نہ کرنے پر تاکید کے ساتھ دلالت کرے۔

ترجمے کے ذریعے فعل نفی تاکید بلن کی پہچان:
فعل نفی تاکید بلن معروف ہو یا مجہول چونکہ مستقبل کے ساتھ خاص ہوتا ہے اس لئے اس کے ترجمے میں فعل مضارع مستقبل منفی جیسے الفاظ تاکید کے ساتھ آتے ہیں یعنی ہرگز نہیں کرے گا یا ہرگز نہیں کیا جائے گا۔

ثلاثی مجرد سے فعل نفی تاکید بلن بنانے کے طریقے اور اوزان

فعل نفی تاکید بلن معروف

- فعل مضارع معروف کے شروع میں "لن" کا اضافہ کریں۔
- جیسے: **یَغْلِبُ** سے **لن یَغْلِبَ**

اوزان : لن یَفْعَلَ/ لن یَفْعِلَ/ لن یَفْعُلَ

فعل نفی تاکید بلن مجہول

- فعل مضارع مجہول کے شروع میں "لن" کا اضافہ کریں۔
- جیسے: **یُغْلَبُ** سے **لن یُغْلَبَ**

وزن : لن یُفْعَلَ

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد ﷺ

5۔ فعل امر

تعریف: وہ فعل جس کے ذریعے کسی سے کوئی کام طلب کیا جائے

ترجمے کے ذریعے فعل امر معروف کی پہچان:
فعل امر معروف کے ترجمے میں حکمیہ الفاظ آتے ہیں جیسے کر، سُن، مار، کھول، پڑھ وغیرہ
مثلاً: **اِحْفَظْ** یاد کر تو ایک مذکر

ترجمے کے ذریعے فعل امر مجہول کی پہچان:
فعل امر مجہول کے ترجمے میں "چاہئے کہ" کے ساتھ "جائے" کا لفظ آتا ہے۔
مثلاً: **لِیُحْفَظْ** چاہئے کہ یاد کیا جائے وہ ایک مذکر

ثلاثی مجرد سے فعل امر بنانے کے طریقے اور اوزان

فعل امر حاضر معروف

- فعل مضارع حاضر معروف سے علامتِ مضارع "تا" کو حذف کریں۔
- آخر میں حرف علت یا نون اعرابی ہو تو اسے حذف کریں ورنہ آخر کو ساکن کردیں۔
- جیسے: **تَنْزِعُ** سے **اِنْزِعْ**

اوزان : اِفْعِلْ /اِفْعَلْ /اُفْعُلْ

فعل امر غائب و متکلم معروف

- فعل مضارع غائب و متکلم معروف سے پہلے "لام امر" لگائیں۔
- آخر میں حرف علت یا نون اعرابی ہو تو اسے حذف کریں ورنہ آخر کو ساکن کردیں۔
- جیسے: **یَضْرِبُ** سے **لِیَضْرِبْ**

وزن : لِیَفْعَلْ /لِیَفْعِلْ /لِیَفْعُلْ

فعل امر مجہول

- فعل مضارع مجہول سے پہلے "لام امر" لگائیں۔
- آخر میں حرف علت یا نون اعرابی ہو تو اسے حذف کریں ورنہ آخر کو ساکن کردیں۔
- جیسے: **یُنْزَعُ** سے **لِیُنْزَعْ**

اوزان : لِیُفْعَلْ

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْبِ! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّدٍ ﷺ

6۔ فعل نہی

تعریف: وہ فعل جس کے ذریعے کسی کو کسی کام سے روکا جائے۔

ترجمے کے ذریعے فعل نہی معروف کی پہچان:
فعل نہی معروف کے ترجمے میں "نہ کر، نہ مار، نہ کھا" وغیرہ الفاظ آتے ہیں۔
مثلاً: **لَا يَحْفَظْ** نہ یاد کرے وہ ایک مذکر

ترجمے کے ذریعے فعل نہی مجہول کی پہچان:
فعل نہی مجہول کے ترجمے میں "نہ کیا جائے، نہ مارا جائے نہ کھایا جائے" وغیرہ الفاظ آتے ہیں۔
مثلاً: **لَا يُحْفَظْ** نہ یاد کیا جائے وہ ایک مذکر

ثلاثی مجرد سے فعل نہی بنانے کے طریقے اور اوزان

فعل نہی معروف

- فعل مضارع معروف سے پہلے "لائے نہی" لگائیں
- آخر میں فعلِ امر والی تبدیلیاں کریں
- جیسے: **يَنْصَحُ** سے **لا يَنْصَحْ**

اوزان : لایَفْعَلْ/لایَفْعِلْ/لایَفْعُلْ

فعل نہی مجہول

- فعل مضارع مجہول سے پہلے "لائے نہی" لگائیں
- آخر میں فعلِ امر والی تبدیلیاں کریں
- جیسے: **يُنْصَحُ** سے **لا يُنْصَحْ**

وزن : لایُفْعَلْ

صَلُّوْا عَلَى الْحَبِيْبِ! صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى مُحَمَّدٍ ﷺ

غیر ثلاثی مجرد سے أفعال بنانے کے طریقے

1۔ فعل ماضی

فعل ماضی معروف:

تمام ثلاثی مجرد کے أبواب سے فعل ماضی معروف بنانے کا طریقہ نصاب الصرف سبق ۲۷ سے ۲۹ میں بیان کیا گیا ہے۔

فعل ماضی مجہول:

- فعل ماضی معروف کے آخر سے پہلے والے حرف (عین کلمہ) کو کسرہ دیں۔
- آخری حرف کے علاوہ تمام متحرک حروف کو ضمہ دیں۔
- باقی حروف کو اپنی حالت پر چھوڑ دیں۔

جیسے: **اِسْتَنْصَرَ** سے **اُسْتُنْصِرَ**

2۔ فعل مضارع

فعل مضارع معروف:

- فعل ماضي معروف کے شروع میں علامت مضارع میں سے کوئی علامت لگائیں۔
- ہمزہ ہو تو اسے حذف کردیں
- آخری حرف (لام کلمہ) کو رفع دیں۔

جیسے: **اِسْتَنْصَرَ** سے **يَسْتَنْصِرُ**

فعل مضارع مجہول:

فعل مضارع معروف میں علامت مضارع کو ضمہ دیں اور عین کلمہ کو فتحہ دیں۔

جیسے: **يَسْتَنْصِرُ** سے **يُسْتَنْصَرُ**

3۔ فعل نفی جحد بلَمْ

معروف:

فعل مضارع معروف کے شروع میں "لَمْ" کا اضافہ کریں۔

جیسے: **يَسْتَنْصِرُ** سے **لم يَسْتَنْصِرْ**

مجہول:

فعل مضارع مجہول کے شروع میں "لَمْ" کا اضافہ کریں۔

جیسے: **يُسْتَنْصَرُ** سے **لم يُسْتَنْصَرْ**

4۔ فعل نفی تاکید بلن

معروف:

فعل مضارع معروف کے شروع میں "لن" کا اضافہ کریں۔

جیسے: **يَسْتَنْصِرُ** سے **لن يَسْتَنْصِرَ**

مجہول:

فعل مضارع مجہول کے شروع میں "لن" کا اضافہ کریں۔

جیسے: **يُسْتَنْصَرُ** سے **لن يُسْتَنْصَرَ**

6۔ فعل نہی

معروف:

فعل مضارع معروف سے پہلے "لائے نہی" لگائیں۔
آخر میں فعلِ امر والی تبدیلیاں کریں۔

جیسے: **يَتَقَبَّلُ** سے **لا يَتَقَبَّلْ**

مجہول:

فعل مضارع مجہول سے پہلے "لائے نہی" لگائیں۔
آخر میں فعلِ امر والی تبدیلیاں کریں۔

جیسے: **يُتَقَبَّلُ** سے **لا يُتَقَبَّلْ**

5۔ فعل امر

حاضر معروف:

فعل مضارع حاضر معروف سے علامتِ مضارع "تا" کو حذف کریں۔
آخر میں حرف علت یا نون اعرابی ہو تو اسے حذف کریں ورنہ آخر کو ساکن کردیں۔

جیسے: **تَتَقَبَّلُ** سے **تَقَبَّلْ**

غائب و متکلم معروف:

فعل مضارع غائب و متکلم معروف سے پہلے "لام امر" لگائیں۔
آخر میں حرف علت یا نون اعرابی ہو تو اسے حذف کریں ورنہ آخر کو ساکن کردیں۔

جیسے: **يَتَقَبَّلُ** سے **لِيَتَقَبَّلْ**

مجہول:

فعل مضارع مجہول سے پہلے "لام امر" لگائیں۔
آخر میں حرف علت یا نون اعرابی ہو تو اسے حذف کریں ورنہ آخر کو ساکن کردیں۔

جیسے: **يُتَقَبَّلُ** سے **لِيُتَقَبَّلْ**

مشق

بحث

	لفظ	بحث		لفظ	بحث
1	لا يُفْسِدُ	فعل مضارع منفي معروف	14	يَبْتَدِئُ	
2	لا يَاكُلْ		15	لَمْ يكُنْ	
3	وَصَلَ		16	لا يَقْتَصِرُ	
4	لم يُعْلَمْ		17	يُبالِغُ	
5	لن يَلْزِمَ		18	إجْلَوَّذَتْ	
6	إقتَرَضَ		19	لَا يُجَازُ	
7	اِستغْفَرُوا		20	يُسْتَقْبَلُ	
8	يَجْتَنِبْنَ		21	أنْ يتَغَوَّطَ	
9	لا يَسْتَنْجِيْ		22	لَا يُخْرَجْ	
10	لم يَحْصلَا		23	تَرَوَّدَا	
11	انْ يَمْسَحَ		24	أذْهَبَ	
12	تُفَكِّرْنَ		25	تَقَدَّسَ	
13	تَسَامَحَتْ		26	لاتُسَلِّطِيْ	

صَلُّوْا عَلَى الْحَبِيْبِ! صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى مُحَمَّدٍ ﷺ

شش اقسام

حروفِ اصلیہ کی تعداد اور حروفِ زائدہ ہونے نہ ہونے کے اعتبار سے کلمے کی 6 قسمیں ہیں جنہیں شش اقسام کہا جاتا ہے۔

جن 4 کلمات کی صرفی تحقیق ہوتی ہے ان سب کی صرفی تحقیق میں شش اقسام بیان کی جاتی ہے۔

شش اقسام کی پہچان کا طریقہ:

مصدر/مشتق/فعل متصرف تام میں

مصدر، مشتق اور فعل متصرف تام کی شش اقسام کے تعین کیلئے **فعل ماضی کے پہلے صیغے واحد مذکر غائب** کا اعتبار ہوتا ہے۔

اسم جامد میں

اسم جامد کی شش اقسام کے تعین میں اسکی **واحد کا اعتبار** ہوتا ہے۔ واحد کا تعلق شش اقسام میں سے جس قسم سے ہو صرفی تحقیق میں شش اقسام میں وہی قسم بیان کی جائے گی۔


اگر واحد شش اقسام میں ثلاثی مجرد ہے تو عبارت میں موجود اسم جامد (جو کہ تثنیہ ہو یا جمع اور اس میں اگرچہ زائد حروف ہوں) صرفی تحقیق میں ثلاثی مجرد ہی کہا جائے گا۔

جیسے: "اَقْسَامٌ" شش اقسام میں ثلاثی مجرد ہے کیونکہ اسکی واحد "قِسْمٌ" ثلاثی مجرد ہے۔

جبکہ اَیْمَانٌ شش اقسام میں ثلاثی مزید فیہ ہے۔ کیونکہ اسکی واحد "یَمِیْنٌ" ثلاثی مزید فیہ ہے۔

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْبِ! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّدٍ ﷺ

شش اقسام کی پہچان کا نقشہ




صَلُّوْا عَلَى الْحَبِیْبِ! صَلَّى اللّٰہُ تَعَالٰى عَلٰى مُحَمَّدٍ ﷺ

شش اقسام سے متعلق اشکال مع جواب

اشکال: خالد جبکہ علَم ہو تو اسکی صرفی تحقیق میں شش اقسام ثلاثی مجرد بتائی جائے گی یا ثلاثی مزید فیہ؟

جواب:



اہم وضاحت:

مکتبۃ المدینہ کی کتاب "صرف بہائی صفحہ:4 حاشیہ:4 پر ہے:

اصطلاح اہلِ صرف میں (ثلاثی مزید فیہ) وہ کلمہ ہے جس میں تین حروفِ اصلیہ ہوں انکے ساتھ کوئی زائد حرف بھی ہو۔ جیسے: کِتَابٌ ۔ (صرف بہائی، صفحہ 4)

"کتابٌ" کَتَبَ یَکْتُبُ کِتَاباً سے ثلاثی مجرد کے باب نصر ینصر کا مصدر ہے۔ لیکن صَرف بہائی میں اسے ثلاثی مزید فیہ کی مثال میں لایا گیا ہے۔

اسی طرح "مذاکرات فی النحو والصرف صفحہ: 306" پر "یمین اور خاتَم" کو ثلاثی مزید فیہ کی مثال میں ذکر کیا گیا ہے جبکہ انکی اصل "یمن اور ختم" ہے۔

مجلس کی طرف سے ہونے والے آن لائن "عربک گرامر کورس" میں جامد کی وضاحت کرتے ہوئے "درس" کی مثال دیکر فرمایا گیا کہ "درس" اس وقت جامد ہے جبکہ اس کا معنی "سبق پڑھنا/سبق پڑھانا" نہ ہو، صرف "سبق" ہو۔

اس تفصیل سے معلوم ہوتا ہے کہ کلمہ کی صرفی تحقیق میں اسکے استعمال کا اعتبار ہوگا یعنی اگر کلمہ مصدر والے معنی میں استعمال ہوتو اسکی صرفی تحقیق مصدر کے اعتبار سے، اور اگر جامد والے معنی میں استعمال ہوتو جامد کے اعتبار سے ہوگی۔ وعلی ھذا القیاس

صَلُّوْا عَلَى الْحَبِيْبِ! صَلَّى اللهُ تَعَالٰى عَلٰى مُحَمَّدٍ ﷺ

مشق

شش اقسام

	صیغہ	مصدر/مشتق/فعل متصرف تام/جامد	شش اقسام میں کس کا اعتبار ہوگا؟	شش اقسام
1	وَجَدَتْ	فعل متصرف تام	ماضی کے پہلے صیغے (وَجَدَ) کا	ثلاثی مجرد
2	اِغْتِسالٌ			
3	قَلَمَانِ			
4	مَسْجِد			
5	تَخْرُجِيْنَ			
6	كُتُبٌ			
7	اَقْصُدُ			
8	دُخُولٌ			
9	آياتٍ			
10	يَتَحَاكَمُوْنَ			
11	تَذَكَّرَا			
12	مُبَالَغَةٌ			
13	شَارَكْتَا			
14	يَسْتَضْعِفِيْنَ			
15	مَضْمَضْنَا			
16	مَسائِلُ			
17	تَنْكَشِفِيْنَ			
18	تَصَدَّعَتْ			
19	اَصَابِعُ			

صَلُّوْا عَلَى الْحَبِيْبِ! صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّدٍ ﷺ

ہفت اقسام

کلمہ کے تمام حروفِ اصلیہ صحیح ہیں یا ان میں ھمزہ، حرف علت یا
ایک جنس کے دو حروف ہیں۔ اس اعتبار سے کلمہ کی سات اقسام ہیں
جنہیں ھفت اقسام کہا جاتا ہے۔

جن 4 کلمات کی صرفی تحقیق ھوتی ھے ان سب کی صرفی تحقیق میں ہفت اقسام بیان کی جاتی ہے۔


ہفت اقسام کی پہچان کا طریقہ:

ھفت اقسام کی درست پہچان کیلئے ضروری ہے کہ کلمے کے حروف اصلیہ معلوم
ہوں۔ حروف اصلیہ معلوم ہونے کے بعد ذیل میں دیئے گئے نقشے کی مدد سے کلمہ میں
ہفت اقسام کا تعین کیا جائے۔

نوٹ: ہفت اقسام کے تعین میں صِرف حروفِ اصلیہ کو دیکھا جائے گا
حروفِ زائدہ ھفت اقسام کے تعین میں نہیں دیکھے جائیں۔

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد ﷺ

ہفت اقسام کی پہچان کا نقشہ



صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد ﷺ

مشق

ہفت اقسام

	صیغہ	حروف اصلیہ	ہفت اقسام		صیغہ	حروف اصلیہ	ہفت اقسام
1	سأل	س ء ل	مہموز العین	14	تِلاوۃٌ		
2	اخذَ			15	جَأَفَ		
3	وَزَنَ			16	استویٰ		
4	حَبَّ			17	قَسّمَ		
5	التوبۃُ			18	یَسرَ		
6	بدَءَ			19	الهدایۃُ		
7	زادَ			20	سلّمَ		
8	عدوٌّ			21	بوءَ		
9	فوزٌ			22	قضیٰ		
10	اخْتیارٌ			23	عدَّ		
11	اکَلَ			24	وفیٰ		
12	وَصلَ			25	سبَّح		
13	بابٌ			26	بِئْرٌ		

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْبِ! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّدٍ ﷺ

باب

اصطلاح صرف میں مخصوص ثلاثی مجرد کے ماضی و مضارع دونوں کے پہلے صیغے کو ملا کر اسے "باب" کا نام دیا جاتا ہیں۔ اور ثلاثی مجرد کے علاوہ مصادر کے مخصوص اوزان کو باب کہا جاتا ہے۔

جن کلمات کی صرفی تحقیق ہوتی ہے ان میں سے 3 کلمات (فعل متصرف تام، اسم مشتق اور مصدر) کی صرفی تحقیق میں باب بیان کیا جاتا ہے

باب پہچاننے کا طریقہ

ثلاثی مجرد

فعل متصرف/اسم مشتق/مصدر

ان کا باب پہچاننے کیلئے ان کے ماضی و مضارع کے پہلے صیغے کے عین کلمہ کی حرکت دیکھی جائے گی۔ عین کلمہ کی حرکت جس باب سے مطابقت رکھتی ہوگی وہ باب بیان کیا جائے گا۔

فعل متصرف تام کی مثال:

يَعْبُدُ

ماضی و مضارع کا پہلا صیغہ: عَبَدَ يَعْبُدُ

اسکا ماضی مفتوح العین، مضارع مضموم العین ہے جو کہ باب نصر ینصُرُ کی علامت ہے۔ لہذا يَعْبُدُ کا باب نصر ینصُرُ ہے

اسم مشتق کی مثال:

ذَاهِبٌ

ماضی و مضارع کا پہلا صیغہ: ذَهَبَ يَذْهَبُ

اسکا ماضی اور مضارع مفتوح العین ہے جو کہ باب فَتَحَ يَفْتَحُ کی علامت ہے۔ لہذا ذَاهِبٌ کا باب فَتَحَ يَفْتَحُ ہے

مصدر کی مثال:

الجُلُوْسُ

ماضی و مضارع کا پہلا صیغہ: جَلَسَ يَجْلِسُ

اسکا ماضی مفتوح العین اور مضارع مکسور العین ہے جو کہ باب ضَرَبَ يَضْرِبُ کی علامت ہے۔ لہذا الجُلُوْسُ کا باب ضَرَبَ يَضْرِبُ ہے

غیر ثلاثی مجرد

فعل متصرف/اسم مشتق

ان کا باب پہچاننے کیلئے ان کے ماضی کا پہلا صیغہ دیکھئے کہ اس صیغے میں حروف اصلیہ کے علاوہ جو زائد حروف ہیں وہ غیر ثلاثی مجرد کے کس باب کی علامت ہیں، جس باب کی علامت ہوں وہ باب بیان کیا جائے گا۔

فعل متصرف تام کی مثال:

يَجْتَنِبُ

ماضی کا پہلا صیغہ: اِجْتَنَبَ

علامتِ باب: فاء کلمہ کے بعد تاء زائدہ

یہ باب اِفْتِعَالٌ کی علامت ہے، لہذا يَجْتَنِبُ کا باب اِفْتِعَالٌ ہے۔

اسم مشتق کی مثال:

مُسْتَنْصِرٌ

ماضی کا پہلا صیغہ: اِسْتَنْصَرَ

علامتِ باب: فاء کلمہ سے پہلے سین اور تاء زائدہ

یہ باب اِسْتِفْعَالٌ کی علامت ہے، لہذا مُسْتَنْصِرٌ کا باب اِسْتِفْعَالٌ ہے۔

مصدر

اس کا باب پہچاننے کیلئے کلمہ کا وزن دیکھا جائے گا۔ کلمہ جس وزن پر ہو ہوگا وہی اسکا باب ہوگا۔

مصدر کی مثال:

اِمْتِحَانٌ

یہ بروزن اِفْتِعَالٌ ہے لہذا اِمْتِحَانٌ کا باب اِفْتِعَالٌ ہے۔

أبواب کی علامات



مشق

باب

	لفظ	ثلاثی مجرد/غیر ثلاثی مجرد	مصدر/مشتق/فعل متصرف تام	باب پہچاننے کا طریقہ	باب
1	قَدَّمَتْ	ثلاثی مزیدفیہ	فعل متصرف تام	ماضی کے پہلے صیغے میں باب کی علامت دیکھی جائے گی	تفعیل
2	مُتَحَاكِم				
3	تَذَكَّرَا				
4	مُقَاتَلَةٌ				
5	تَعْبُدِيْنَ				
6	مُتَشَهَّدَانِ				
7	اِسْتَغْفَرُوْا				
8	يَجْتَنِبْنَ				
9	اِدْهَامَمْتَ				
10	اِخْشَوْشَنْتِ				
11	اِسْتِغْفَارٌ				
12	حكيمٌ				
13	تَسْتَضْعِفِيْنَ				
14	تَصَدَّعَتْ				
15	مَضْمَضْنَا				
16	يَتَبَدَّلْنَ				
17	مُقْتَصِرُوْنَ				
18	تُؤَكِّدْنَ				
19	تَصْرِيْف				

صَلُّوْا عَلَى الْحَبِيْبِ! صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى مُحَمَّدٍ ﷺ

نوٹ: فعل متصرف تام کی صرفی تحقیق میں بیان کئے جانے والے امور کی تفصیلات مکمل ہوئیں، اب بحث کے دوسرے حصے یعنی اسم مشتق کی تفصیل بیان کی جائے گی۔ ان شاء اللہ الکریم


اسم مشتق

وہ اسم جو مصدر سے بنایا جائے۔ جیسے ناصِرٌ (مدد کرنے والا) یہ یَنْصُرُ سے بنایا گیا ہے، اور یَنْصُرُ "نَصْرٌ" سے

اسم مشتق کی بحث بیان کرنے کا طریقہ:

اسم مشتق کی بحث میں کلمہ اسم مشتق کی جس قسم سے ہو وہ قسم بیان کی جائے گی۔ مثلاً ضَارِبٌ کی بحث اسم فاعل، مضْرُوبٌ کی بحث اسم مفعول۔

اسماء مشتقات کی تعریفات اور ترجمے کے ذریعے پہچان



أسماء مشتقات بنانے کے طریقے

اسم فاعل

ثلاثی مجرد سے

- فعل مضارع معروف سے علامت مضارع حذف کریں۔
- فاء کلمہ کے بعد الف کا اضافہ کریں۔
- عین کلمہ کو کسرہ دیں۔
- آخر میں تنوین لگائیں۔

جیسے: یَقْعُدُ سے قاعِدٌ

غیر ثلاثی مجرد سے

- فعل مضارع معروف سے علامت مضارع حذف کر کے اسکی جگہ میم مضموم لگائیں۔
- آخر کے ماقبل کو کسرہ دیں۔
- آخر میں تنوین لگائیں

جیسے یَجْتَنِبُ سے مُجْتَنِبٌ

اسم مفعول

ثلاثی مجرد سے

- فعل مضارع مجہول سے علامت مضارع حذف کر کے میم مفتوح لگائیں۔
- عین کلمہ کو ضمہ دے کر واو ساکن کا اضافہ کریں۔
- آخر میں تنوین لگائیں۔

جیسے: یُکْتَبُ سے مَکْتُوبٌ

غیر ثلاثی مجرد سے

- فعل مضارع مجہول سے علامت مضارع حذف کر کے اسکی جگہ میم مضموم لگائیں۔
- آخر میں تنوین لگائیں۔

جیسے: یُجْتَنَبُ سے مُجْتَنَبٌ

اسم تفضیل

ثلاثی مجرد سے

مذکر

- فعل مضارع معروف سے علامت مضارع حذف کر کے اسکی جگہ ہمزہ مفتوحہ کا اضافہ کریں۔
- عین کلمہ کو فتحہ دیں۔

جیسے: یَسْمَعُ سے اَسْمَعُ

مؤنث

- فعل مضارع معروف سے علامت مضارع حذف کر کے فاء کلمہ کو ضمہ دیں۔
- عین کلمہ کو ساکن کریں۔
- آخر میں علامتِ تانیث (الف مقصورہ) بڑھا دیں۔

جیسے: یَسْمَعُ سے سُمْعٰی

غیر ثلاثی مجرد سے

فعل کے مصدر کو منصوب ذکر کر کے اس سے پہلے اَشَدُّ، اَزْیَدُ یا اَکْثَرُ کا اضافہ کریں۔

جیسے اَشَدُّ اِکْرَاماً

اسم آلہ

ثلاثی مجرد سے

- فعل مضارع معروف سے علامتِ مضارع حذف کر کے اسکی جگہ علامتِ اسم آلہ (میم مکسور) کا اضافہ کریں۔
- عین کلمہ کو فتحہ دیں
- آخر میں تنوین لگائیں

جیسے: یَفْتَحُ سے مِفْتَحٌ

غیر ثلاثی مجرد سے

فعل کے مصدر کو الف لام کے ساتھ مرفوع ذکر اس سے پہلے مابہ کا اضافہ کریں۔

جیسے ما به الاجتناب

اسم ظرف

ثلاثی مجرد سے

- فعل مضارع سے علامتِ مضارع حذف کر کے اسکی جگہ علامتِ اسم ظرف (میم مفتوح) کا اضافہ کریں۔
- لام کلمہ پر تنوین لگائیں۔

عین کلمہ کی دو صورتیں ہیں:

- اگر فعل مضارع مفتوح العین، مضموم العین یا ناقص ہو تو عین کلمہ کو فتحہ دیں۔ جیسے: یَفْتَحُ سے مَفْتَحٌ، یَنْصُرُ سے مَنْصَرٌ، یدعُو سے مَدْعیً
- اگر فعل مضارع مکسور العین یا مثال یا مضاعف مکسور العین ہو تو عین کلمہ کو کسرہ دیں۔ جیسے: یَضْرِبُ سے مَضْرِبٌ، یَقِفُ سے مَوْقِفٌ، یَحِلُّ سے مَحِلٌّ

غیر ثلاثی مجرد سے

غیر ثلاثی مجرد سے اسم ظرف اسی طرح بنتا ہے جسطرح اسم مفعول بنتا ہے۔

جیسے یُجْتَنَبُ سے مُجْتَنَبٌ

نوٹ: ثلاثی مجرد و غیر ثلاثی مجرد سے صفت مشبہ بنانے کا کوئی خاص طریقہ نہیں ہے۔

اسماء مشتقات کی پہچان کا نقشہ

مخصوص وزن پر ہو

شروع میں میم زائدہ نہ ہو

فَاعِلٌ کے وزن پر ہو
اسم فاعل (ثلاثی مجرد)
جیسے:ضَارِبٌ

اَفْعَلُ/فُعْلٰی کے وزن پر ہو
اسم تفضیل (ثلاثی مجرد)
جیسے:اَضْرَبُ/ضُرْبٰی

شروع میں میم زائدہ ہو

میم زائدہ مفتوحہ ہو

مَفْعُوْلٌ کے وزن پر ہو
اسم مفعول (ثلاثی مجرد)
جیسے:مَضْرُوْبٌ

مَفْعِلٌ/مَفْعَلٌ کے وزن پر ہو
اسم ظرف (ثلاثی مجرد)
جیسے: مَفْتَحٌ ، مَضْرِبٌ

میم زائدہ مکسورہ ہو

مِفْعَلٌ کے وزن پر ہو
اسم آلہ (ثلاثی مجرد)
جیسے:مِضْرَبٌ

مخصوص وزن پر نہ ہو

شروع میں میم زائدہ نہ ہو

ثلاثی مجرد ہو

صفت مشبہ
(ثلاثی مجرد)
جیسے: کَرِیْمٌ

غیر ثلاثی مجرد ہو

مصدر منصوب سے پہلے
اَشَدُّ ہو تو
اسم تفضیل
(غیر ثلاثی مجرد)
جیسے: اشدُّ اکراماً

مصدر مرفوع سے پہلے
ما بہ ہو تو
اسم آلہ
(غیر ثلاثی مجرد)
جیسے: ما بہ الاکرامُ

شروع میں میم زائدہ ہو

میم مضموم آخر کا ماقبل مکسور ہو

اسم فاعل
(غیر ثلاثی مجرد)
جیسے: مُکْرِمٌ

میم مضموم آخر کا ماقبل مفتوح ہو

اس ذات پہ دلالت کرے جس پر فعل واقع ہو۔
اسم مفعول (غیر ثلاثی مجرد)
جیسے: مُکْرَمٌ (عزت کیا ہوا ایک مرد)

فعل کے واقع ہونے کی جگہ یا وقت پر دلالت کرے۔
اسم ظرف (غیر ثلاثی مجرد)
جیسے: مُکْرَمٌ (عزت کرنے کی جگہ/وقت)

نوٹ: مخصوص اوزان یہ ہیں: 1) فَاعِلٌ. 2) فَاعِلَةٌ. 3) مَفْعُوْلٌ. 4) مَفْعُوْلَةٌ. 5) اَفْعَلُ. 6) فُعْلٰی. 7) مَفْعَلٌ. 8) مَفْعِلٌ.
9) مِفْعَلٌ. 10) مِفْعَلَةٌ. 11) مِفْعَالٌ

مشق

اسماء مشتقات

	لفظ	بحث		لفظ	بحث
1	طالبة	اسم فاعل	14	مُتشابَة	
2	مَغْفُورة		15	خالدُون	
3	صادِقِينَ		16	مُفسِدانِ	
4	ناقِصاتٌ		17	مُجَرَّد	
5	مُفلِحون		18	راكِبات	
6	مُفرَدَتان		19	مُصْلِحَة	
7	كُسْرىٰ		20	مَكسورانِ	
8	جاعِلان		21	مُطَهَّرة	
9	مَخْلُوقُون		22	مُرَكَّبُون	
10	مُستهزِءاتٌ		23	مَعْرُوفِيْنَ	
11	مُتَعلِّمة		24	مُمْتحِنات	
12	شارِبٌ		25	مُفتِّشِيْن	
13	مَكتُوب		26	مُشْتَقّاتٌ	

صَلُّوْا عَلَى الْحَبِيْبِ! صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى مُحَمَّدٍ ﷺ

مشق

صرفی تحقیق

	کلمہ	حروف اصلیہ	وزن	صیغہ	علامت	بحث	شش اقسام	ہفت اقسام	باب
1	قدَّمتْ	ق د م	فَعَّلَتْ	واحد مؤنث غائب	تْ	فعل ماضي مطلق مثبت معروف	ثلاثي مزيدفيه	صحيح	تفعيل
2	يَتَحاكَمون								
3	لن نُهلِكَ								
4	الهِرّةُ								
5	تَطْهِيرٌ								
6	شارَكَتا								
7	لم نَخْتلط								
8	يَتولّٰى								
9	اُنْعُقِد								
10	تُعانقان								
11	مُتشابَة								
12	خالدُون								

								مُفسِدانِ	13
								مُجَرَّد	14
								دجاجةٌ	15
								حَبَّ	16
								التوبةُ	17
								بدَءَ	18
								زادَ	19
								الحمدُ	20
								يُقاتِلُ	21
								سَيْلان	22
								تذكَّر	23
								حمارٌ	24
								راكِبات	25
								لَوْ	26

صَلُّوْا عَلَى الْحَبِيْبِ! صَلَّى اللّٰهُ تَعالٰى عَلٰى مُحَمَّد ﷺ



4

اسماء معربہ اور افعالِ متصرفہ
میں تصرفات کے قواعد کا
اجراء کیا جائے۔



اس میں آپ پڑھ سکیں گے:

1. تصرف کے معنی اور اقسام
2. متصرف کلمات کے معنی دیکھنے، حروف اصلیہ پہچاننے اور وزن کرنے کا طریقہ
3. کلمے میں تصرف کا قاعدہ پہچاننے کا طریقہ
4. مہموز،مضاعف،مثال،اجوف اور ناقص کے قواعد کے نقشے

تصرف کے معنی اور اقسام

تصرف

کلمے میں مہموز، مضاعف، مثال، اجوف یا ناقص کا قاعدہ جاری ہونے کے سبب جو تبدیلی ہوتی ہے عموما اسے تصرف کہتے ہیں۔

تصرف کی اقسام:

تخفیف	تعلیل	ادغام
ہمزہ کی تبدیلی کو تخفیف کہتے ہیں۔	حرف علت کی تبدیلی کو تعلیل یا اعلال کہتے ہیں	ایک حرف کو دوسرے حرف میں داخل کر کے مشدد بنانے کو ادغام کہتے ہیں۔

نصاب الصرف میں تصرف کے قواعد والے اسباق :

1۔ سبق نمبر **34** (مہموز کے قواعد)

2۔ سبق نمبر **36** (مضاعف کے قواعد)

3۔ سبق نمبر **39** (مثال کے قواعد)

4۔ سبق نمبر **42** (اجوف کے قواعد)

5۔ سبق نمبر **45** (ناقص کے قواعد)

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْبِ! صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّدٍ ﷺ

متصرف کلمات کا معنی دیکھنے، حروفِ اصلیہ پہچاننے اور وزن کرنے کا طریقہ:

متصرف کلمات کا معنی دیکھنے کا طریقہ:

1

متصرف کلمات کا معنی دیکھنے کیلئے بھی سب سے پہلے تعلیل شدہ کلمہ کا وزن کیا جائے۔
(تعلیل شدہ کلمات کا وزن کرنے کا طریقہ اگلے صفحہ پر ملاحظہ ہو)
متصرف کلمہ کا وزن کرنے کے بعد معلوم ہوگا کہ اس کلمے کے حروفِ اصلیہ میں سے کوئی ایک حرف اصلی (فا ، عین یا لام کلمہ) یا دو حروفِ اصلیہ محذوف ہیں۔

محذوف حرف اصلی معلوم کرنے کا طریقہ:

2

اب حذف شدہ حرف کی جگہ ھمزہ یا حرف علت (واؤ یا یاء) رکھ کر لغت میں ان حروف سے معنی تلاش کیجئے جن حروف سے ایسا معنی ملے جو عبارت کے سیاق و سباق کے اعتبار سے درست ہو وہی اس لفظ کے حروفِ اصلیہ ہوں گے اگر وہ حرف اسکے حروفِ اصلیہ میں سے نہیں ہوگا تو ان حروف سے یا تو کوئی بھی معنی نہیں ملیں گے یا ایسے معنی ملیں گے جو عبارت کے سیاق و سباق کے اعتبار سے درست نہ ہونگے۔

مثال

جیسے نور الایضاح صفحہ 191 کی عبارت ہے: یَجِبُ قطعُ الصلاۃ بِاِسْتِغَاثَۃِ ملھوف بِالْمصلي
اس عبارت کے لفظ یَجِبُ بروزن یَعِلُ میں حذف شدہ فاء کلمہ کی جگہ جب واؤ رکھ کر "و ج ب" سے معنی تلاش کئے جائیں تو اسکے مصدری معنی "واجب/ثابت/لازم ھونا" ملیں گے اور یہ معنی سیاق وسباق کے اعتبار سے درست ہیں
اسی طرح اِسْتِغَاثَۃٌ بروزن اِسْتِفَالَۃٌ میں بھی حذف شدہ عین کلمہ کی جگہ واؤ رکھ کر "غ و ث" سے معنی تلاش کئے جائیں تو اسکے مصدری معنی "پکارنا ، مدد طلب کرنا" ملیں گے جو کہ سیاق وسباق کے اعتبار سے درست ہیں۔

متصرف کلمات کا وزن کرنے کا طریقہ:

3

متصرف کلمات کا وزن کرنے کا طریقہ بھی وہی ہے جو دیگر کلمات کا ہے یعنی جس شکل و آواز کا موزون ہو (وہ کلمہ جس کا وزن کرنا ہے) ف ع ل کو بھی اسی شکل و آواز کا بنالیں۔
یعنی جتنے حروف موزون میں ہیں اتنے ہی حروف وزن میں ہوں اور جو حرکات و سکنات موزون پر ہیں وہی حرکات و سکنات وزن پر ہوں۔
مثلاً: یَجِبُ بروزن یَعِلُ ---- خِفْنَ بروزن فِلْنَ ---- قَاضٍ بروزن فَاعٍ ---- صِلَةٌ بروزن عِلَة ---- تَشْتَرُوْا

متصرف کلمات کے وزن سے متعلق اشکال مع جواب:

اشکال: یَجِبُ کا وزن فَعِلُ اور إِسْتِغَاثَةِ کا اِسْتِفَاعَةِ بھی تو کیا جاسکتا ہے۔ کیسے معلوم ہو کہ یَجِبُ کا درست وزن یَعِلُ اور إِسْتِغَاثَةِ کا درست وزن اِسْتِفَالَةِ ہے؟؟؟

جواب: یہ وزن بھی کئے جاسکتے ہیں اور علمِ صَرف سیکھنے والے مبتدی طلباء عموماً اس طرح کے وزن کرتے ہیں لیکن یہ وزن درست نہیں کیونکہ اس وزن سے یَجِبُ کے حروفِ اصلیہ ی ج ب بنیں گے جن سے لغت میں کوئی بھی معنی نہیں ملیں گے اسی طرح إِسْتِغَاثَةِ کے بھی اس وزن سے ایسے حروفِ اصلیہ بنیں گے جن سے وہ معنی نہیں ملیں گے جو عبارت کے سیاق و سباق کے اعتبار سے درست ہوں۔ وزن درست ہوا ہے یا نہیں یہ معلوم کرنے کیلئے اس وزن کے تحت آنے والے حروف سے معنی تلاش کیا جائے اگر ان حروف سے ایسا معنی مل جائے جو عبارت کے سیاق و سباق کے اعتبار سے درست ہو تو یہ وزن درست ہے اور اگر ان حروف سے ایسا معنی نہ ملے یا وہ حروفِ اصلیہ ہی لغت میں نہ ملیں تو وہ وزن درست نہیں۔

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْبِ! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّدٍ ﷺ

کلمے میں تصرف کا قاعدہ پہچاننے کا طریقہ

1. کلمہ کی تینوں اقسام (اسم/فعل/حرف) کی علامات کے ذریعے نشاندھی کی جائے۔

2. کلمہ کا معنی و حروفِ اصلیہ دیکھے جائیں اور تعلیل شدہ کلمہ کا وزن کیا جائے۔

3. کلمہ کی مکمل صرفی تحقیق کی جائے۔

4. کلمے کے باب، بحث اور صیغہ کے مطابق اصل (یعنی تعلیل سے پہلے والا) وزن نکال کر اسکی اصلی حالت معلوم کی جائے۔

5. اصلی حالت معلوم ہونے کے بعد کلمہ ھفت اقسام میں سے جس قسم سے ھے اس قسم کے قواعد کے نقشے سے دیکھا جائے کہ کلمے میں کونسا قاعدہ جاری ہورہا ھے۔


صَلُّوْا عَلَى الْحَبِيْب! صَلَّى اللهُ تَعَالٰى عَلٰى مُحَمَّد ﷺ

نوٹ: اب تصرفات کی تمام اقسام کے قواعد بصورت نقشہ اور انکی امثلہ ذکر کی جائیں گی نیز کلمہ میں مہموز کے قواعد کی تعیین کیلئے ھمزہ کی اقسام کی معلومات مفید ھے اس لئے اولاً ھمزہ کی اقسام بصورت نقشہ ذکر کی جارہی ہیں۔ ان شاءاللہ الکریم!



صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللهُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد ﷺ

مہموز (جوازی تخفیف) کے قواعد کا نقشہ



صَلُّوْا عَلَى الْحَبِيْبِ! صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى مُحَمَّدٍ ﷺ

مہموز (وجوبی تخفیف) کے قواعد کا نقشہ

کلمہ میں دو ہمزہ ہوں

- دونوں ہمزہ متحرک ہوں
  - دوسرا ہمزہ اصلیہ ہو
    - مَفَاعِلُ کے الف کے بعد اور یاء سے پہلے واقع ہو۔
    - مَفَاعِلُ کے الف کے بعد نہ ہو
      - کوئی ایک ہمزہ مکسور ہو
      - کوئی بھی ہمزہ مکسور نہ ہو
  - دوسرا ہمزہ وصلیہ مفتوحہ ہو
- کوئی ایک ہمزہ ساکن ہو
  - پہلا ساکن ہو
  - دوسرا ساکن ہو

قاعدہ 1:
اگر کسی کلمہ میں دو ہمزہ آجائیں اور دوسرا ساکن ہو تو اسے ماقبل حرف کی حرکت کے مطابق حرفِ علت سے بدلنا واجب ہے
جیسے:
أَأْمَنَ سے آمَنَ
أُأْمِنَ سے أُوْمِنَ
إِئْمَانٌ سے إِيْمَانٌ

قاعدہ 4:
دو ہمزہ جب اکھٹے آجائیں اور ان میں سے پہلا ساکن ہو تو دوسرے ہمزہ کو یاء سے بدلنا واجب ہے
جیسے: قِرَءْءٌ سے قِرَءْیٌ

قاعدہ 3:
اگر دو ہمزہ ایک ساتھ آجائیں اور دوسرا ہمزہ وصلیہ مفتوحہ ہو اسے الف سے بدلنا واجب ہے
جیسے:
ءَالْحَسَنُ سے آلْحَسَنُ


قاعدہ 6:
اگر ہمزہ مَفَاعِلُ کے الف کے بعد اور یاء سے پہلے واقع ہو تو اسے یاء مفتوحہ سے بدلتے ہیں
جیسے: خطَايِءُ سے خطَاءِيُ پھر **خَطَائِيُ سے خَطَايَيُ** پھر خطَايَا

قاعدہ 2:
اگر دو ہمزہ ایک ساتھ آجائیں اور ان میں سے ایک مکسور ہو تو دوسرے ہمزہ کو یاء سے بدلنا واجب ہے۔ جیسے: جَايِءٌ (بروزن فَاعِلٌ) سے **جَاءِءٌ پھر جَآءِیٌ** (جَاءِیُنْ) پھر جَاءِیْنْ پھر جَاءٍ (جَاءِنْ)

قاعدہ 5:
دو ھمزہ اگر اکھٹے آجائیں اور ان میں سے کوئی بھی مکسور یا ساکن نہ ھو اور نہ ہی پہلا ھمزہ متکلم کا ھو تو دوسرے ھمزہ کو واؤ سے بدلنا واجب ھے
جیسے: أَءَادِمُ سے أَوَادِمُ

تفصیل:
کتابوں میں یہ صیغہ "جاءٍ" آتا ھے۔
اسکی تفصیل یہ ھے کہ جاءٍ کے حروفِ اصلیہ ج ی ء ہیں۔ یہ فَاعِلٌ کے وزن پہ جَايِءٌ تھا۔ اجوف کے قاعدہ نمبر 10 کے تحت الف زائدہ کے بعد واقع ھونے والی یاء ھمزہ سے تبدیل کردی گئی۔ جَايِءٌ سے جَآءِءٌ ھوگیا۔
پھر مہموز کا قاعدہ نمبر 2 جاری ھوا تو جَآءِءٌ سے جَآءِیٌ(جَآءِیُنْ) ھوگیا
پھر ناقص کا قاعدہ نمبر 2 جاری ھوا تو یاء مضموم ماقبل مکسور کو ساکن کردیا گیا جَآءِیُنْ سے جَآءِیْنْ ھوگیا۔
پھر اجوف کے قاعدہ نمبر 3 کے تحت یاء کے ساکن ھوجانے کے سبب اسے حذف کردیا گیا جَآءِیْنْ سے جاءٍ (جاءِنْ) ھوگیا۔

مہموز میں تصرف کی مثال:



قاعدہ

ہمزہ متحرک ہو اور اسکا ماقبل حرف صحیح ساکن ہو تو ہمزہ کی حرکت ما قبل کو دے کر اسے حذف کرنا جائز ہے۔

تصرف کی تفصیل : یَسْئَلُ یَسَئْلُ یَسَلُ

صَلُّوْا عَلَى الْحَبِيْبِ! صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى مُحَمَّدٍ ﷺ

مشق — مهموز کے قواعد

	کلمہ	اقسام	وزن اور حروف اصلیہ	معنی	صرفی تحقیق	اصل وزن، اصلی حالت اور تصرف کا قاعدہ
1	يَجَفُون					
2	أذنُ					
3	يَسلان					
4	جاءٍ					
5	ماذَنٌ					

مضاعف کے قواعد کا نقشہ

کلمہ کے حروف اصلیہ میں ایک جنس کے دو حروف ہوں

دونوں ہم جنس حروف کلمہ کی ابتداء میں ہوں

قاعدہ 1:
اگر کلمہ کی ابتداء میں دو حروف ایک جنس کے آجائیں تو ان دونوں کا آپس میں ادغام کرنا جائز ہے
جیسے: فَتَتَضَارَبُ سے فَتَّضَارَبُ

دونوں ہم جنس حروف کلمہ کی ابتداء میں نہ ہوں

ان میں پہلا ساکن ہو

قاعدہ 4:
اگر کلمہ کے درمیان میں دو ہم جنس یا ہم مخرج حروف ہوں اور ان میں پہلا ساکن ہو تو پہلے حرف کا دوسرے میں ادغام کرنا واجب ہے۔
جیسے: مَدْدٌ سے مَدٌّ

دونوں ہم جنس متحرک ہوں

ماقبل حرف بھی متحرک ہو

قاعدہ 2:
اگر کلمہ کے درمیان میں دو ہم جنس حروف ہوں دونوں متحرک ہوں انکا ماقبل بھی متحرک یا مدہ ہو تو پہلے حرف کی حرکت حذف کرکے ادغام کرنا واجب ہے
جیسے: مَدَدَ سے مَدَّ

ماقبل ساکن ہو

دونوں ہم جنس میں سے دوسرا حرف سکون عارضی کی وجہ سے ساکن نہ ہو

ماقبل ساکن مدہ ہو

قاعدہ 2:
اگر کلمہ کے درمیان میں دو ہم جنس حروف ہوں دونوں متحرک ہوں انکا ماقبل مدہ ہو تو پہلے حرف کی حرکت حذف کرکے ادغام کرنا واجب ہے۔
جیسے: حَاجِجٌ سے حَاجٌّ


ماقبل حرف صحیح ساکن ہو

قاعدہ 3:
اگر کلمہ کے درمیان میں دو ہم جنس حروف ہوں دونوں متحرک ہوں انکا ماقبل ساکن غیر مدہ ہو تو پہلے حرف کی حرکت کو اسکی طرف نقل کرکے ادغام کریں گے
جیسے: یَمْدُدُ سے یَمُدْدُ پھر یَمُدُّ

دونوں ہم جنس میں سے دوسرا حرف سکون عارضی کی وجہ سے ساکن ہو

قاعدہ 5:
اگر دو ہم جنس حروف ایک کلمے میں اکھٹے ہوں ان میں سے پہلا حرف متحرک اور دوسرا سکون عارضی کی وجہ سے ساکن ہو تو اسے تین طریقوں سے پڑھنا جائز ہے اور اگر پہلے حرف کا ماقبل مضموم ہو تو ضمہ دینا بھی جائز ہے
جیسے: لَمْ یَمُدَّ، لَمْ یَمُدِّ، لَمْ یَمُدُّ، لَمْ یَمْدُدْ

مضاعف میں تصرف کی مثال:



قاعدہ

اگر کلمہ کے درمیان میں دو ہم جنس حروف ہوں دونوں متحرک ہوں انکا ماقبل بھی متحرک یا مدہ ہو تو پہلے حرف کی حرکت حذف کرکے ادغام کرنا واجب ہے۔

تصرف کی تفصیل : مَرَرَ مَرْرَ مرَّ

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْبِ! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّدٍ ﷺ

مشق

مضاعف کے قواعد

	کلمہ	سہ اقسام	وزن اور حروف اصلیہ	معنی	صرفی تحقیق	اصل وزن، اصلی حالت اور تصرف کا قاعدہ
1	شَقُّوا					
2	اَصَحُّ					
3	مادٌّ					
4	سُنَّ					
5	احَبَّا					

6	لم يَفِرُّ					
7	لا يستمدُّ					
8	تامَّةٌ					
9	مُؤْتَمٌّ					

صَلُّوْا عَلَى الْحَبِيْبِ! صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى مُحَمَّدٍ ﷺ

مثال کے قواعد کا نقشہ

فاء کلمہ میں حرف علت ہو

باب افتعال/تفعل/تفاعل کے فاء کلمے میں نہ ہو

افتعال/تفعل/تفاعل کے فاء کلمے میں ہو

قاعدہ 7:
وہ واؤ یا یاء اصلی جو باب افتعال، تفعّل یا تفاعل کے فاء کلمے میں آجائیں تو انہیں تاء سے بدل کر ادغام کردیا جاتا ہے۔
جیسے:
اِوْتَهَبَ سے اِتْتَهَبَ پھر اِتَّهَبَ اور اِيْتَسَرَ سے اِتْتَسَرَ پھر اِتَّسَرَ

مثال واوی ہو

مثال یائی ہو

قاعدہ 4:
وہ یاء ساکن غیر مدہ جس کا ماقبل مضموم ہو اسے واؤ سے بدلنا واجب ہے بشرط یہ کہ وہ باب افتعال کا فاء کلمہ نہ ہو اور نہ مدغم ہو
جیسے: يُيْقِظُ سے يُوْقِظُ اور مُيْسِرٌ سے مُوْسِرٌ

کلمہ میں ایک واو ہو

کلمہ میں دو واو ہوں

کلمہ کے بالکل شروع میں ہو

کلمہ کے درمیان میں ہو

دونوں واومتحرک ہوں

دوسری ساکن ہو

قاعدہ 3:
اگر کلمے کی ابتداء میں دو متحرک واو ہوں تو پہلی واؤ کو ہمزہ سے تبدیل کرنا واجب ہے
جیسے: وَوَيْصِلٌ اُوَيْصِلٌ

قاعدہ 5:
اگر کلمے کی ابتداء میں دو واؤ ہوں اور دوسری واؤ ساکن ہو تو پہلی کو ہمزہ سے بدلنا جائز ہے
جیسے: وُوْرِیَ سے اُوْرِیَ

مصدر ہو

مصدر نہ ہو

قاعدہ 8:
مثال واوی کا مصدر اگر فِعْلٌ کے وزن پر ہو تو اسکے واؤ کو حذف کرکے عین کلمہ کو کسرہ دیتے ہیں اور واؤ محذوف کے عوض آخر میں "ۃ" کا اضافہ کردیتے ہیں
جیسے: وِعْدٌ سے عِدَةٌ

قاعدہ 6:
اگر کلمے کی ابتداء میں واؤ ہو اور مفتوح نہ ہو اسے بھی ہمزہ سے بدلنا جائز ہے
جیسے: وِشَاحٌ سے اِشَاحٌ اور وُقِتَتْ سے اُقِتَتْ


واو سے پہلے علامت مضارع مفتوحہ اور اسکے بعد کسرہ ہو

ماقبل مکسور ہو

قاعدہ 1:
جو واؤ علامتِ مضارع مفتوحہ اور کسرہ کے درمیان یا علامت مضارع مفتوحہ اور فتحہ کے درمیان ایسے کلمے میں ہو جس کا عین یا لام کلمہ حرف حلقی ہو تو اسے حذف کرنا واجب ہے۔
جیسے: يَوْعِدُ سے يَعِدُ اور يَوْهَبُ سے يَهَبُ

قاعدہ 2:
واؤ ساکن ماقبل مکسور کو یاء سے بدلنا واجب ہے بشرط یہ کہ وہ باب افتعال کا فاء کلمہ نہ ہو اور نہ مدغم ہو۔ جیسے: مِوْعَادٌ سے مِيْعَادٌ

مثال میں تصرف کی مثال:



قاعدہ

مثالِ واوی کا مصدر اگر فِعْلٌ کے وزن پر ہو تو اسکے واؤ کو حذف کرکے عین کلمہ کو کسرہ دیتے ہیں اور واؤ محذوفہ کے عوض آخر میں "ۃ" کا اضافہ کرتے ہیں ۔

تصرف کی تفصیل : وِعْدٌ عْدَۃٌ عِدَۃٌ

صَلُّوْا عَلَى الْحَبِيْبِ! صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى مُحَمَّدٍ ﷺ

مشق

مثال کے قواعد

	کلمہ	سبعہ اقسام	وزن اور حروف اصلیہ	معنی	صرفی تحقیق	اصل وزن، اصلی حالت اور تصرف کا قاعدہ
1	مُتَّسِر					
2	مِيْهاب					
3	مُوْقِنُون					
4	لم يَفِ					
5	أُوَيْصِلُ					

6	عِدةٌ					
7	يهبانِ					
8	مِيْعادانِ					
9	اِتَّقُوْا					

صَلُّوْا عَلَى الْحَبِيْبِ! صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى مُحَمَّدٍ ﷺ

اجوف کے قواعد کا نقشہ

عین کلمہ میں حرف علت ہو

کلمہ میں واو یا یاء میں سے کوئی ایک ہو اور اگر دونوں ہوں تو اصلی ہوں

واو/یاء متحرک ہو

واو ساکن ہو

قاعدہ 9:
ہر وہ مصدر جو فَعْلُوْلَةٌ کے وزن پر ہو اور اسکے عین کلمے میں واو آجائے تو اسے یاء سے بدل دیا جاتا ہے۔ جیسے: کَوْنُوْنَةٌ سے کَيْنُوْنَةٌ

کلمہ میں واو اور یاء دونوں ہوں (کوئی ایک اصلی ہوں)

قاعدہ 11:
وہ واؤ جو دوسرے حرف سے بدلی ہوئی نہ ہو اگر کسی غیر ملحق کلمہ میں یاء کے ساتھ جمع ہوجائے اور ان میں پہلا حرف (واو ہو یا یاء) ساکن ہو تو واؤ کو یاء سے بدل کر یاء کا یاء میں ادغام کرنا واجب ہے
جیسے: جَيْوِدٌ سے جَيْيِدٌ پھر جَيِّدٌ

ان کا ماقبل بھی متحرک ہو

ما قبل مفتوح ہو

قاعدہ 1:
فتحہ کے بعد واؤ یا یاء متحرک آجائے تو اسے چند شرائط کے ساتھ الف سے بدلنا واجب ہے
جیسے: قَوَلَ سے قَالَ

اجتماع ساکنین کی وجہ سے عین کلمہ گر جانے کی صورت میں:

قاعدہ نمبر 5:
جب اجوف کی ماضی معروف یا مجہول میں عین کلمہ اجتماع ساکنین کی وجہ سے گر جائے تو
1) اگر اجوف واوی مفتوح العین یا مضموم العین ہو تو فاء کلمے کو ضمہ دیا جائے گا
جیسے: قَوَلْنَ سے قُلْنَ
2) اگر اجوف یائی یا اجوف واوی مکسور العین ہو تو فاء کلمے کو کسرہ دیا جائے گا
جیسے: خَوِفْنَ سے خِفْنَ

ماقبل مکسور ہو

مصدر ہو

قاعدہ 8:
مصدر کا عین کلمہ واؤ ہو اور اسکا ماقبل مکسور ہو تو واؤ کو یاء سے بدلنا واجب ہے بشرط یہ کہ اسکے فعل ماضی میں تعلیل ہوچکی ہو۔
جیسے: صِوَامٌ سے صِيَامٌ

مصدر نہ ہو

قاعدہ 12:
وہ واؤ جو جمع کے عین کلمے میں کسرہ کے بعد واقع ہو اسے یاء سے بدلنا واجب ہے
جیسے: جِوَادٌ سے جِيَادٌ

ماقبل مضموم ہو

قاعدہ 4:
ماضی مجہول میں واؤ یا یاء مکسور ماقبل مضموم ہو اور ماضی معروف میں تعلیل بھی ہوچکی ہو تو اسے 2 طریقوں سے پڑھنا جائز ہے
1) ماقبل کو ساکن کرکے انکی حرکت ماقبل کی طرف منتقل کردیں اس صورت میں واؤ یاء سے بدل جائے گی۔ جیسے: قُوِلَ سے قِيْلَ
2) واؤ یا یاء کو ساکن کردیں۔ اس صورت میں یاء واؤ سے تبدیل ہوجائے گی
جیسے: قُوِلَ سے قُوْلَ

ان کا ماقبل ساکن ہو

ماقبل حرف علت ساکن ہو

قاعدہ 10:
ہر وہ واؤ اور یاء جو اسم فاعل کے عین کلمہ میں ہو اسے ہمزہ سے بدلنا واجب ہے بشرط یہ کہ اسکی ماضی میں تعلیل ہوچکی ہو
جیسے: قَاوِلٌ سے قَائِلٌ
اور : بَايِعٌ سے بَائِعٌ

ماقبل حرف صحیح ساکن ہو

باب افعال/استفعال کے مصدر میں ہو

قاعدہ 7:
باب اِفْعَالٌ اور اِسْتِفْعَالٌ کے مصدر میں عین کلمے کی جگہ اگر واؤ یا یاء ہو تو واؤ یا یاء کی حرکت ماقبل کی طرف نقل کرکے واؤ اور یاء کو الف سے بدل کر حذف کیا جاتا ہے اور اسکے عوض آخر میں تاء کا اضافہ کیا جاتا ہے جیسے: اِقْوَامٌ سے اِقَامَةٌ
اور : اِسْتِقْوَامٌ سے اِسْتِقَامَةٌ

باب افعال/استفعال کے مصدر میں نہ ہو

قاعدہ 2:
واؤ یا یاء کا ماقبل حرف صحیح ساکن ہو تو انکی حرکت ماقبل کو دینا واجب ہے
جیسے: يَقْوُلُ سے يَقُوْلُ

اجتماع ساکنین ہونے کی صورت میں

قاعدہ 3:
واؤ یا یاء کے ساکن ہوجانے یا الف سے بدل جانے کی صورت میں اگر ان کا ما بعد ساکن ہو تو یہ تینوں اجتماع ساکنین کے سبب گرجاتے ہیں۔ جیسے: يَقُوْلْنَ سے يَقُلْنَ

اجتماع ساکنین ختم ہونے کی صورت میں

قاعدہ 6:
جو حرف علت اجتماع ساکنین کی وجہ سے گرجائے اجتماع ساکنین ختم ہوجانے کی صورت میں اسے واپس لانا واجب ہے۔ جیسے: بِعْ بِيْعَا

فعل مضارع کے علاوہ واو مضموم غیر مشدد عین کلمہ میں ہو

قاعدہ 13:
فعل مضارع کے علاوہ: اگر واؤ مضموم غیر مشدد عین کلمہ میں آئے اور اسکا ضمہ لازمی ہو تو اسے ہمزہ سے تبدیل کرنا واجب ہے
جیسے: أَدْوُرٌ سے أَدْؤُرٌ

اجوف میں تصرف کی مثال:

کلمہ: اِسْتِعاذَۃٌ

سہ اقسام: اسم

تعلیل شدہ کلمہ کا وزن: اِسْتِفَالَۃٌ

حروف اصلیہ: ع و ذ

معنی: پناہ طلب کرنا

صرفی تحقیق:

ثلاثی مزیدفیہ، اجوف واوی، استفعال

اصل (یعنی تعلیل سے پہلے والے صیغہ کا) **وزن** : اِستِفعال

اصلی حالت: اِستِعْواذٌ

قاعدہ

باب اِفْعَالٌ اور اِسْتِفْعَال کے مصدر میں عین کلمے کی جگہ اگر واؤ یا یاء ہو تو واؤ یا یاء کی حرکت ماقبل کی طرف نقل کرکے واؤ اور یاء کو الف سے بدل کر حذف کیا جاتا ہے اور اسکے عوض آخر میں تاء کا اضافہ کیا جاتا ہے۔

تصرف کی تفصیل :

اِستِعْواذٌ اِستِعَوْاذ استعااذ استعاذٌ اِسْتِعاذَۃٌ

صَلُّوْا عَلَى الْحَبِيْبِ! صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى مُحَمَّدٍ ﷺ

مشق

اجوف کے قواعد

	کلمہ	سہ اقسام	وزن اور حروف اصلیہ	معنی	صرفی تحقیق	اصل وزن، اصلی حالت اور تصرف کا قاعدہ
1	صارَتْ					
2	ماتا					
3	افاق					
4	مَقامٌ					
5	یَتُبْنَ					

					زیْدَتْ	6
					فُزْنَ	7
					استِجابةٌ	8
					مُمْتَازُوْنَ	9

صَلُّوْا عَلَى الْحَبِيْب! صَلَّى اللهُ تَعَالٰى عَلٰى مُحَمَّد ﷺ

ناقص کے قواعد کا نقشہ (پہلا حصہ)

لام کلمہ میں حرف علت ہو

- کلمہ میں واو یا یاء میں سے کوئی ایک ہو اور اگر دونوں ہوں تو اصلی ہوں
  - واو / یاء متحرک ہوں
    - انکا ماقبل بھی متحرک ہو
      - ماقبل مفتوح ہو
        - فَعَلَةٌ کے وزن پر ہو
          - **قاعدہ 13:** فَعَلَةٌ کے وزن پر آنے والے ناقص کی ہر جمع میں فاء کلمہ کی حرکت کو ضمہ سے بدل دینا واجب ہے۔ جیسے: دَعَوَةٌ سے دُعَاةٌ اور غَزَوَةٌ سے غُزَاةٌ
        - فَعَلَةٌ کے وزن پر نہ ہو
          - **قاعدہ 1:** فتحہ کے بعد واو یا یاء متحرک آجائے تو اسے الف سے بدلنا واجب ہے۔ جیسے: دَعَوَ سے دَعَا اور یَخْشَیُ سے یَخْشٰی
      - ماقبل مضموم ہو
        - اسم معرب کے لام کلمہ میں ضمہ کے بعد ہو
          - **قاعدہ 14:** ہر وہ واو جو اسم معرب کے لام کلمہ میں ضمہ کے بعد واقع ہو اسے یاء سے بدل کر ماقبل ضمہ کو کسرہ سے بدل دینا واجب ہے۔ جیسے: اَدْلُوٌ سے اَدْلُيٌ پھر اَدْلِيٌ (اَدْلِيُنْ) یاء مضموم ماقبل مکسور ہونے کی وجہ سے یاء کو ساکن کر دیا تو اَدْلِيْنْ ہوگیا پھر اجتماع ساکنین کے سبب یاء حذف کر دی گئی تو اَدْلِنْ/اَدْلٍ ہوگیا۔
        - اسم معرب کے لام کلمہ میں نہ ہو
          - واو مضموم ماقبل مضموم
            - **قاعدہ 2:** واو مضموم ماقبل مضموم کو ساکن کردینا واجب ہے بشرطیکہ اس کے بعد واو مدہ نہ ہو۔ جیسے: یَدْعُوُ سے یَدْعُوْ
          - یاء ماقبل مضموم
            - **قاعدہ 3:** کلمہ کے آخر میں ضمہ کے بعد یاء واقع ہو تو اسے واو سے بدل دینا واجب ہے۔ جیسے: نَهُيَ سے نَهُوَ
      - ماقبل مکسور ہو
        - واو ماقبل مکسور
          - **قاعدہ 3:** کلمہ کے آخر میں کسرہ کے بعد واو واقع ہو تو اسے یاء سے بدل دینا واجب ہے۔ جیسے: دُعِوَ سے دُعِيَ
        - یاء مضموم ماقبل مکسور
          - **قاعدہ 2:** یاء مضموم ماقبل مکسور کو ساکن کردینا واجب ہے بشرطیکہ اس کے بعد واو مدہ نہ ہو۔ جیسے: یَرْمِيُ سے یَرْمِيْ
    - انکا ماقبل الف ہو
      - **قاعدہ 9:** اگر واو یا یاء لام کلمہ میں الف زائدہ کے بعد واقع ہوں تو انہیں ہمزہ سے بدل دینا واجب ہے۔ جیسے: دُعَاوٌ سے دُعَاءٌ اور اِسْتِدْعَاوٌ سے اِسْتِدْعَاءٌ
  - واو متحرک/ساکنہ ہو (چوتھی جگہ یا اس سے آگے واقع ہو اور اس سے پہلے ضمہ یا واو ساکن نہ ہو)
    - **قاعدہ 4:** واو اگر چوتھی جگہ یا اس سے آگے واقع ہو اور اس سے پہلے ضمہ یا واو ساکن نہ ہوتو اسے یاء سے بدلنا واجب ہے۔ جیسے: یُدْعَوَانِ سے یُدْعَیَانِ اور اِسْتَعْلَوْتُ سے اِسْتَعْلَیْتُ
      اس صورت میں اگر اسکا ماقبل مفتوح ہوتو اسے الف سے بدل دیں گے۔ جیسے: یَرْضَوُ سے یَرْضٰی اور اِسْتَدْعَوَ سے اِسْتَدْعٰی
- کلمہ میں دو واو، دو یاء یا واو اور یاء دونوں ہوں (کوئی ایک اصلی ہو)
  - اگلا صفحہ پر ۔۔۔۔

صَلُّوْا عَلَى الْحَبِيْبِ! صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى مُحَمَّدٍ 

ناقص کے قواعد کا نقشہ (دوسرا حصہ)

کلمہ میں دو واو، دو یاء یا واو اور یاء دونوں ہوں (کوئی ایک اصلی ہو)

دونوں واو ہوں

فُعُوْلٌ کے آخر میں نہ ہوں (دوسری واو، واو جمع ہو)

قاعدہ 7:
اگر لام کلمہ میں واو مضموم اور اس کے بعد "واو جمع" ہوتو اس کی حرکت کو حذف کردیتے ہیں، اور واو اجتماع ساکنین کی وجہ سے گر جاتی ہے۔
جیسے: یَدْعُوُوْنَ سے یَدْعُوْنَ

فُعُوْلٌ کے آخر میں دو واو جمع ہو جائیں

قاعدہ 12:
فُعُوْلٌ کے آخر میں دو واو جمع ہو جائیں تو دونوں کو یاء سے بدل کر ان میں ادغام کرنا واجب ہے اور ادغام کرنے کے بعد عین کلمہ کا ضمہ کسرہ سے بدل جائے گا۔
جیسے: دُلُوْوٌ سے دُلُيٌّ پھر دُلِيٌّ

دونوں یاء ہوں

قاعدہ 11:
فَعْلٰی اسمی (وہ جو کسی دوسرے اسم کی صفت واقع نہ ہو) کا لام کلمہ یاء ہوتو اسے واو سے بدل دینا واجب ہے۔
جیسے: فَتْيٰی سے فَتْوٰی اور تَقْيٰی سے تَقْوٰی

ایک واو اور ایک یاء ہو

یاء مضموم ماقبل مکسور، اسکے بعد واو جمع ہو

قاعدہ 5:
اگر لام کلمہ میں یاء مضموم ہو اور اس کا ماقبل مکسور ہو اور اسکے بعد "واو جمع" ہوتو اس کی حرکت ماقبل کی طرف نقل کر کے یاء کو اجتماع ساکنین کی وجہ سے حذف کردیتے ہیں۔
جیسے: یَرْمِیُوْنَ سے یَرْمُیْوْنَ پھر یَرْمُوْنَ اور خَشِیُوْا سے خَشَیْوْا پھر خَشَوْا

واو مکسور ماقبل مضموم، اسکے بعد یائے مخاطبہ ہو

قاعدہ 8:
اگر لام کلمہ میں واو مکسور ہو اور اس کا ماقبل مضموم ہو اور اس کے بعد یائے مخاطبہ ہو تو اس کی حرکت ماقبل کو دیتے ہیں اور واو کسرہ کے بعد واقع ہونے کی وجہ سے یاء سے بدل کر اجتماع ساکنین کے سبب ساقط ہوجاتی ہے۔
جیسے: تَدْعُوِیْنَ سے تَدْعِوْیْنَ پھر تَدْعِیْنَ

فُعْلٰی کا وزن اسم جامد یا اسم تفضیل میں ہو اور لام کلمہ میں واو ہو

قاعدہ 10:
فُعْلٰی کا وزن اسم جامد یا اسم تفضیل میں ہو اور اس کے لام کلمہ میں واو ہوتو اسے یاء سے بدل دینا واجب ہے۔
جیسے: دُنْوٰی سے دُنْیَا اور عُلْوٰی سے عُلْیَا

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد 

ناقص میں تصرف کی مثال:

کلمہ: صَلّٰی

سہ اقسام: فعل

تعلیل شدہ کلمہ کا وزن: فَعْلٰی

حروف اصلیہ: ص ل و

معنی: نماز پڑھی اس ایک مذکر نے

صرفی تحقیق:
واحد مذکر غائب، فعل ماضی مطلق مثبت معروف، ثلاثی مزیدفیہ، ناقص واوی،تفعیل

اصل (یعنی تعلیل سے پہلے والے صیغہ کا) **وزن** : فَعَّلَ

اصلی حالت: صَلَّوَ

قاعدہ

واو اگر چوتھی جگہ یا اس سے آگے واقع ہو اور اس سے پہلے ضمہ یا واو ساکن نہ ہوتو اسے یاء سے بدلنا واجب ہے۔
جیسے صلّوَ سے صلّیَ
فتحہ کے بعد واو یا یاء متحرک کو الف سے بدلنا واجب ہے۔ جیسے: صَلَّیَ سے صَلّیٰ

تصرف کی تفصیل : صَلَّوَ صَلَّيَ صَلّٰی

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْبِ! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّدٍ ﷺ

مشق

ناقص کے قواعد

	کلمہ	اقسام	وزن اور حروف اصلیہ	معنی	صرفی تحقیق	اصل وزن، اصلی حالت اور تصرف کا قاعدہ
1	تَمَنُّوا					
2	استدعاءٌ					
3	عُلْيا					
4	داعٍ					
5	اُدْعُوْ					

6	الجارِيْ					
7	دُعِيْتُما					
8	مِرْضًى					
9	مَجْثِيٌّ					

صَلُّوْا عَلَى الْحَبِيْبِ! صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى مُحَمَّدٍ ﷺ



5

اسماء مشتقات اور افعال متصرفہ
کو بنانے کے طریقوں کی
تیاری کی جائے۔



اس میں آپ پڑھ سکیں گے:

اسماء مشتقات اور افعال متصرفہ کی تعریفات، ترجمے کے ذریعے پہچان، بنانے کے طریقے اور اوزان پوئینٹ نمبر 3 کے تحت بیان کئے جا چکے ہیں ۔

صَلُّوْا عَلَى الْحَبِیْبِ ... صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى مُحَمَّدٍ ... صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَ اٰلِهٖ وَسَلَّمَ

6



اسماء مشتقات اور افعال متصرفہ سے صرفِ کبیر اور صرفِ صغیر پڑھی جائے۔



اس میں آپ پڑھ سکیں گے:

1. گردان (صرف/تصریف) اور اسکی اقسام

2. صرف صغیر میں آنے والے صیغوں کی وضاحت

گردان (صرف/تصریف) اور اسکی اقسام

گردان کی تعریف:

اسم یا فعل کے کسی صیغہ کو مختلف صیغوں کی طرف پھیرنا گردان کہلاتا ہے۔

اسے عربی میں صرف یا تصریف بھی کہتے ہیں۔

صرف کی اقسام:

اسکی دو قسمیں ہیں: 1۔ صرف صغیر۔ 2۔ صرف کبیر

صرف کبیر:

کسی کلمہ کو اس کے تمام صیغوں کی طرف پھیرنا۔

صرف صغیر:

کسی کلمہ کو اس کے بعض صیغوں کی طرف پھیرنا۔

صرف صغیر میں آنے والے صیغوں کی وضاحت:

صرف صغیر ثلاثی مجرد از باب ضرب یضرب (مارنا)

فعل ماضي	فعل مضارع	مصدر	اسم فاعل
ضَرَبَ (معروف)	يَضْرِبُ (معروف)	ضَرْبًا	فَهُوَ ضَارِبٌ
فعل ماضي	**فعل مضارع**	**مصدر**	**اسم مفعول**
ضُرِبَ (مجهول)	يُضْرَبُ (مجهول)	ضَرْبًا	فَذَاكَ مَضْرُوْبٌ
فعل نفي جحد بلم			
لَمْ يَضْرِبْ (معروف)		لَمْ يُضْرَبْ (مجهول)	
فعل مضارع مطلق منفى			
لا يَضْرِبُ (معروف)		لا يُضْرَبُ (مجهول)	
فعل نفي تاكيد بلن			
لَنْ يَضْرِبَ (معروف)		لَنْ يُضْرَبَ (مجهول)	
فعل مضارع موكد بلام تاكيد و نون تاكيد ثقيله			
لَيَضْرِبَنَّ (معروف)		لَيُضْرَبَنَّ (مجهول)	
فعل مضارع موكد بلام تاكيد و نون تاكيد خفيفه			
لَيَضْرِبَنْ (معروف)		لَيُضْرَبَنْ (مجهول)	

الامرُ مِنْهُ			
اِضْرِبْ (حاضر معروف)	لِتُضْرَبْ (حاضر مجهول)	لِيَضْرِبْ(غائب معروف)	لِيُضْرَبْ (غائب مجهول)
النهيُ عَنْهُ			
لا تَضْرِبْ (حاضر معروف)	لاتُضْرَبْ (حاضر مجهول)	لايَضْرِبْ(غائب مجهول)	لا يُضْرَبْ(غائب مجهول)
والظَرْفُ مِنْهُ			
مَضْرِبٌ (واحد)	مَضْرِبَانِ (تثنيه)	مَضَارِبُ (جمع)	ومُضَيْرِبٌ(واحد مصغّر)
والالَةُ مِنْهُ			
مِضْرَبٌ (واحد، اسم آله صغری)	مِضْرَبَانِ (تثنيه، اسم آله صغری)	مَضَارِبُ (جمع، اسم آله صغری)	ومُضَيْرِبٌ (واحد مصغّر ، اسم آله صغری)
مِضْرَبَةٌ (واحد، اسم آله وسطی)	مِضْرَبَتَانِ (تثنيه، اسم آله وسطی)	مَضَارِبُ (جمع، اسم آله وسطی)	و مُضَيْرِبَةٌ (واحد مصغّر ، اسم آله وسطی)
مِضْرَابٌ (واحد، اسم آله کبری)	مِضْرَابَانِ (تثنيه، اسم آله کبری)	مَضَارِيْبُ (جمع، اسم آله کبری)	و مُضَيْرِيْبٌ (واحد مصغّر ، اسم آله کبری)
و مُضَيْرِيْبَةٌ (واحد مصغّر ، اسم آله کبری)			

افعل التفضيل المذكر منه		
اَضْرَبُ (واحد مذکر)	اَضْرَبَانِ (تثنيه مذکر)	اَضْرَبُوْنَ (جمع مذکر سالم)
اَضَارِبُ (جمع مذکر مکسر)	وأُضَيْرِبٌ (واحد مذکر مصغر)	
والمؤنث منه		
ضُرْبٰی (واحد مؤنث)	ضُرْبَيَانِ (تثنيه مؤنث)	ضُرْبَيَاتٌ (جمع مؤنث سالم)
ضُرَبٌ(جمع مؤنث مکسر)	وضُرَيْبٰی (واحد مؤنث مصغّر)	
فعل التعجبِ منهُ		
ما اَضْرَبَه (واحد مذکر)	و اَضْرِبْ بِه (واحد مذکر)	و ضَرُبَ (واحد مذکر)

صَلُّوْا عَلَى الْحَبِيْبِ! صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى مُحَمَّدٍ ﷺ

صرف صغیر ثلاثی مزید فیہ باہمزہ وصل از باب اِفْتِعَالٌ

فعل ماضي	فعل مضارع	مصدر	اسم فاعل
اِجْتَنَبَ (معروف)	يَجْتَنِبُ (معروف)	اِجْتِنَابًا	فَهُوَ مُجْتَنِبٌ
فعل ماضي	**فعل مضارع**	**مصدر**	**اسم مفعول**
أُجْتُنِبَ (مجهول)	يُجْتَنَبُ (مجهول)	اِجْتِنَابًا	فَذَاكَ مُجْتَنَبٌ

فعل نفي جحد بلم	
لَمْ يَجْتَنِبْ (معروف)	لَمْ يُجْتَنَبْ (مجهول)
فعل مضارع مطلق منفى	
لا يَجْتَنِبُ (معروف)	لا يُجْتَنَبُ (مجهول)
فعل نفي تاكيد بلن	
لَنْ يَجْتَنِبَ (معروف)	لَنْ يُجْتَنَبَ (مجهول)
فعل مضارع موكد بلام تاكيد و نون تاكيد ثقيله	
لَيَجْتَنِبَنَّ (معروف)	لَيُجْتَنَبَنَّ (مجهول)
فعل مضارع موكد بلام تاكيد و نون تاكيد خفيفه	
لَيَجْتَنِبَنْ (معروف)	لَيُجْتَنَبَنْ (مجهول)

الامرُ مِنْهُ			
اِجْتَنِبْ (حاضر معروف)	لِتُجْتَنَبْ (حاضر مجهول)	لِيَجْتَنِبْ (غائب معروف)	لِيُجْتَنَبْ (غائب مجهول)
النهيُ عَنْهُ			
لا تَجْتَنِبْ (حاضر معروف)	لا تُجْتَنَبْ (مجهول)	لا يَجْتَنِبْ (غائب مجهول)	لا يُجْتَنَبْ (غائب مجهول)

والظَرْفُ مِنْهُ		
مُجْتَنَبٌ (واحد)	مُجْتَنَبَانِ (تثنيه)	مُجْتَنَبَاتٌ (جمع)

والالةُ مِنْهُ - ما به الاِجْتِنَابُ
افعل التفضيل المذكر منه - اشَدُّ اِجْتِنَابًا

فعل التعجبِ منهُ	
ما اشدَّ اجْتِنَابًا	و اَشْدِدْ بِاجْتِنَابِه

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْبِ! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّدٍ ﷺ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمدللہِ ربِّ العالمین والصلوۃُ والسلامُ علیٰ خاتم النبیین اما بعد فاعوذ باللہِ من الشیطنِ الرجیمِ ، بسم اللہ الرحمنِ الرحیمِ ط

درود شریف کی فضیلت

فرمان مصطفی ﷺ : "جس نے مجھ پر ایک بار درود پاک پڑھا اللہ پاک اس پر دس رحمتیں بھیجتا ہے" (مُسلم ص 216 حدیث 408)

فہرس

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْبِ ... صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّدٍ ... صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّمْ

مجلس تربیت تدریس، جامعۃ المدینہ فار گرلز (دعوت اسلامی)